
Presented by www.ziaraat.com

# "اِسلامی اِتّحاد"

## مسلکِ اہلِ بیتؑ کی روشنی میں



آیتُ اللہ سیّد محمد حسین فضل اللہ

Presented by www.ziaraat.com

# "اسلامی اتحاد"

## مسلک اہل بیتؑ کی روشنی میں

آیت اللہ سید محمد حسین فضل اللہ مدظلہ العالی

ترجمہ

علامہ سید رضی جعفر نقوی

یکے از مطبوعات

دار الثقافۃ الاسلامیہ پاکستان

۲-بی-۵/۴ ناظم آباد نمبر ۲ کراچی

Presented by www.ziaraat.com

نام کتاب ــــــــــــــ اسلامی اخلاق مکتب اہلبیتؑ کی روشنی میں

اثر ــــــــــــــ علامہ سید محمد حسین فضل اللہ

ترجمہ ــــــــــــــ مولانا سید رضی جعفر نقوی

کتابت ــــــــــــــ سید جعفر بہاری

ناشر ــــــــــــــ دار الثقافۃ الاسلامیہ پاکستان

تاریخ اشاعت ــــــــــــــ جمادی الثانی ۱۴۱۲ھ ۔ جنوری ۱۹۹۲ء

تعداد ــــــــــــــ ۵۰۰

Presented by www.ziaraat.com

# دیباچہ

مسلمانوں کے مابین اختلاف فکر و نظر کی تاریخ خود ظہور اسلام کے ساتھ ہی شروع ہو جاتی ہے۔ حضرت ختمی مرتبت کے اصحاب و انصار کے درمیان ایک سے زیادہ رجحانات کا پایا جانا کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں۔ رجحانات میں پایا جانے والا یہ تفاوت رفتہ رفتہ باقاعدہ مکاتب فکر کی صورت اختیار کر گیا اور امت مختلف فرقوں میں تقسیم ہو گئی۔

تاریخ قدیم سے ہی پیدا شدہ فاصلوں کو سمیٹنے اور مکاتب کے درمیان حائل خلیج کو پاٹنے کے لیے مخلص اور باصفا ہستیوں نے ہر ممکن کوششوں کا آغاز کر دیا اور آج بھی جبکہ امت زبوں حالی اور پستی کا شکار ہے یہ کوششیں جاری ہیں۔

ماضی میں پیکر امت سے انتشار اور افتراق کو دور کرنے کی کوشش میں مصروف ہستیوں کی نظر میں صرف ایک مقصد "اسلام اور مسلمانوں کا تحفظ اور ترقی" تھا۔ لیکن حال حاضر میں مختلف اسلامی خطوں میں اسلامی اتحاد کی دعوت دینے والوں کے مقاصد جدا جدا ہیں۔

ہمیں اتحاد ملت مسلمہ کی ضرورت، اہمیت اور افادیت سے انکار نہیں بلکہ

Presented by www.ziaraat.com



ہم اس عمل کو ایک دینی فریضہ کا مقام دیتے ہیں لیکن اس اتحاد کی دعوت دینے والوں کے جواب میں لبیک کہنے سے قبل نہایت ہوشیاری اور دقت نظر سے ان کے مقاصد اور طریقہ کار کا جائزہ لینے کی ضرورت ہے۔

کیونکہ دور حاضر میں اتحاد امت کا خواب ہر دردمند مسلمان کی آنکھوں میں بسا ہوا ہے اور بجا طور پر کہا جا سکتا ہے کہ اتحاد امت مسلمانوں کے بے شمار مسائل و مشکلات کا حل ہے۔ جبکہ انتشار و افتراق امت اسلام کی نشاۃ ثانیہ کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ۔ اسی بنا پر ہر مرد مسلمان اس نعرہ کی جانب کھنچا چلا جاتا ہے۔ اور آج امت مسلمہ کے درمیان یہ مقبول نعرہ اور مطلوب ہدف ہے۔

لہٰذا ہمارے سامنے اتحاد امت کا حقیقی مقصد اور طریقہ کار واضح و روشن ہونا چاہیے۔ ذیل میں ہم موجودہ دور میں اسلامی اتحاد کے لیے سرگرم عمل بعض گروہوں کے مقاصد و محرکات کا جائزہ لیتے ہیں۔ ان مقاصد و محرکات میں درست اور حقیقتاً اسلام کے لیے مفید مقصد کا انتخاب ہم اپنے بالغ نظر قارئین پر چھوڑتے ہیں۔

الف: اسلامی اتحاد کا دم بھرنے والے ایک گروہ کی نظر میں اتحاد کی عملی صورت یہ ہے کہ تمام مکاتب اپنی اپنی فکر و عقیدے سے دستبردار ہو جائیں، اپنے اختلافات خواہ وہ کتنے ہی وسیع ہوں کو پس پشت ڈال کر بغیر بحث و تمحیص اور جستجو و تحقیق کے ایک دوسرے میں مدغم ہو جائیں۔

ب: یہ گروہ امت میں اتحاد و اتفاق کے لیے کسی مذہبی بنیاد کا قائل نہیں، یہ حضرات مسلمانوں کو ایک نسلی اور وطنی قومیت کی بنیاد پر اتحاد کی دعوت دیتے ہیں اور اس طرح ان کا مقصد ایک سیکولر معاشرہ کی تشکیل ہے۔ ان حضرات کا نظریہ ہے کہ مذہبی معاملات مساجد و عبادت گاہوں تک محدود رکھے جائیں اور اجتماعی اور سیاسی معاملات میں مذہب کو پس پشت ڈال کر قومی اتحاد کا قیام عمل میں لایا جائے۔

Presented by www.ziaraat.com



افسوس کہ بعض علما کے رویہ اور لادین عناصر کی ریشہ دوانیوں کے باعث عام طور پر یہ نظریہ مقبولیت حاصل کر رہا ہے۔

ج: حکومت کے استحکام اور بقا کے لیے امن و امان کا مسئلہ بنیادی اہمیت کا حامل ہے۔ امن و امان کی ایک صورت معاشرہ کے مختلف طبقات اور نسلی، لسانی اور فرقہ وارانہ گروہوں کے مابین بھائی چارے کا قیام ہے۔

حکمراں طبقہ ہمیشہ ایسے ہی اتحاد کے لیے سرگرم عمل رہتا ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ عرصہ تک مسند آرا رہا جا سکے اور حکومت مستحکم انداز میں قائم و دائم رہے۔ بالفاظ دیگر اس دعوتِ اتحاد کا مقصد اپنی حکومت کا قیام و دوام ہے۔ اس کے پس پشت اسلام اور مسلمانوں کی بہتری، ترقی اور ان کے مفادات نہیں۔

د: حزب مخالف کی بھی کوشش ہوتی ہے کہ معاشرہ کے مختلف طبقات کو حکومت کے خلاف منظم کیا جائے تاکہ اس اتحاد کی طاقت سے مسند اقتدار تک رسائی حاصل کی جا سکے۔ اس اتحاد کا بنیادی مقصد بھی اپنے اقتدار کا قیام اور اپنے مفادات کا حصول ہے۔ اس کے پیچھے بھی کوئی اعلیٰ جذبہ اور ارفع مقصد نہیں اور یہاں بھی اسلام اور مسلمانوں کے مفادات، اتحاد کا بنیادی محرک و مقصد نہیں۔

ح: جیسا کہ ہم نے پہلے اشارہ کیا تھا کہ طول تاریخ میں وحدت اسلامی کے لیے سرگرم عمل مخلص و باصفا ہستیوں کا بنیادی مقصد اسلام اور مسلمانوں کے مفادات کا تحفظ تھا۔ اسی مقصد کے حصول کے لیے جستجو کرنے والا گروہ آج بھی سرگرم عمل ہے۔ اس گروہ کی نظر میں اسلام کی نشاۃ ثانیہ میں رکاوٹ اور امت اسلامی کی پستی اور زبوں حالی کے بنیادی اسباب میں سے ایک سبب اتحاد باہمی کا فقدان ہے۔ اور امت کے اتحاد اور ہم بستگی کے لیے جدوجہد کرنے والے اس گروہ کا مقصد اسلام کی نشاۃ ثانیہ اور پرچم توحید کی سربلندی کے سوا کچھ نہیں۔ اس راہ میں ان کا لائحہ عمل ایسے رجحانات کی آبیاری

Presented by www.ziaraat.com



ہے جس کے نتیجے میں امت اپنے باہمی اختلافات کو علمی و منطقی طریقے اور شائستہ و پُروقار انداز میں گفت و شنید اور باہمی تفاہم کے ذریعہ حل کرنے کی کوشش کرے۔ مسلمان فرقوں کا ایک دوسرے کے افکار و نظریات سے آگاہ ہونا اس لیے بھی ضروری ہے کہ دشمن ان کے درمیان غلط فہمیاں اور شکوک و شبہات پیدا نہ کر سکے۔

وحدت امت کے لیے سرگرم عمل اس گروہ کے سرخیل امیرالمومنین حضرت علی ابن ابی طالبؑ اور آپؑ کے بعد بقیہ گیارہ ائمہ معصومین علیہم السلام اسی راہ میں سرگرم عمل رہے اور جسد امت کو انتشار و افتراق سے محفوظ رکھنے کے لیے ان ہستیوں نے بیش بہا قربانیاں پیش کیں۔

عدم حضور ائمہ علیہم السلام میں جید علماء اسلام اور مجتہدین کرام نے اس بار گراں کو اٹھایا اور امت کی شیرازہ بندی کے عظیم فریضہ سے عہدہ برآ ہونے کے لیے مسلسل کوششیں جاری رکھیں۔ اس سلسلہ میں اپنے اپنے دور کی نابغہ روزگار شخصیات حضرت علامہ جمال الدین افغانی، مفتی محمد عبدہ، آیت اللہ شہید سید محمد باقر الصدرؒ اور حضرت امام خمینی علیہ الرحمہ سر فہرست ہیں۔

عصر حاضر میں حضرت امام خمینیؒ کی بلند کی ہوئی ندائے وحدت امت چہار دانگ عالم میں گونج رہی ہے۔ وحدت اسلامی کے سلسلہ میں آپ کی سعی پیہم اور تیزی کے ساتھ پھیلتے ہوئے اس کے اثرات نے اسلام دشمن قوتوں کی صفوں میں کھلبلی مچا دی ہے اور اتحاد امت سے ان کا خوف اس حد تک پہنچ چکا ہے کہ انھوں نے اسلامی ممالک میں اپنے ایجنٹوں کے ذریعہ "افتراق امت" کے مشن کو باقاعدہ منصوبہ بندی کے تحت تقویت پہنچانا شروع کر دی ہے۔

ان حالات میں ضرورت اس بات کی ہے کہ اسلامی فرقوں کے باعمل، دردمند اور مخلص علماء کرام ایسی سوچ کو فروغ دیں اور ایسے عملی طریقے ایجاد کریں جن کا مقصد باہمی اختلافات کو علمی اور منطقی بنیادوں پر حل کرنا ہو اور ایسے عوامل اور ایسے عناصر کی حوصلہ شکنی کی جائے جو مختلف اسلامی فرقوں کے مابین اختلاف رائے کو بڑھا چڑھا کر پیش کرتے ہیں اور ایسے حالات پیدا کر دیتے ہیں جن کے نتیجہ میں یہ فرق اسلامی باہم دست و

Presented by www.ziaraat.com



گریبان ہو جاتے ہیں۔

***

حضرت آیت اللہ علامہ محمد حسین فضل اللہ مدظلہ کی شخصیت تحریک اسلامی سے وابستہ افراد و شخصیات کے لیے محتاج تعارف نہیں۔ خصوصاً عصر حاضر میں لبنان کی سیاست میں آپ کے فعال کردار کی بنا پر آپ عالمی سطح پر جانے پہچانے جاتے ہیں۔

یہ مختصر مگر شاہکار تحریر جو اپنے اندر بے پناہ مضامین کو سمیٹے ہوئے ہے آپ کے اس خطاب پر مشتمل ہے جو آپ نے تہران میں منعقد ہونے والی "عالمی اہل بیت کانفرنس" (۱۸ اور ۲۰ مئی سنہ ۱۹۹۰ء) میں فرمایا۔

دارالثقافۃ الاسلامیہ پاکستان نے اس مقالہ کی افادیت و اہمیت کے پیش نظر اردو داں افراد کے لیے اسے زیور طبع سے آراستہ کیا ہے۔

امید ہے یہ علمی کاوش انقلاب اسلامی کے سلسلہ میں ایک عمدہ کوشش ثابت ہوگی۔

سید علی شرف الدین موسوی

***

Presented by www.ziaraat.com

وَقَدْ سَمِعَ قَوْماً مِنْ أَصْحَابِهِ يَسُبُّونَ أَهْلَ الشَّامِ
أَيَّامَ حَرْبِهِمْ بِصِفِّينَ:

"إِنِّي أَكْرَهُ لَكُمْ أَنْ تَكُونُوا سَبَّابِينَ، وَلٰكِنَّكُمْ
لَوْ وَصَفْتُمْ أَعْمَالَهُمْ وَذَكَرْتُمْ حَالَهُمْ كَانَ أَصْوَبَ فِي الْقَوْلِ
وَأَبْلَغَ فِي الْعُذْرِ، وَقُلْتُمْ مَكَانَ سَبِّكُمْ إِيَّاهُمْ: اللّٰهُمَّ احْقِنْ
دِمَاءَنَا وَدِمَاءَهُمْ، وَأَصْلِحْ ذَاتَ بَيْنِنَا وَبَيْنِهِمْ، وَاهْدِهِمْ
مِنْ ضَلَالَتِهِمْ حَتّٰى يَعْرِفَ الْحَقَّ مَنْ جَهِلَهُ، وَيَرْعَوِيَ عَنِ الْغَيِّ
وَالْعُدْوَانِ مَنْ لَهِجَ بِهِ."

جنگ صفین کے زمانے میں امیرالمومنینؑ نے سنا کہ آپ کی جماعت کے بعض لوگ
اہل شام پر سب و شتم کر رہے ہیں، چنانچہ آپؑ نے فرمایا:

"میں اسے پسند نہیں کرتا کہ تم دشنام دو لیکن اگر تم ان کے کردار بد کو بیان
کرو، ان کے حالات کا تذکرہ کرو تو بے شک یہ مناسب ہے اور مقام عذر میں بلیغ تر اور
رسا تر ہے اور بہتر یہ ہے کہ انھیں سب و شتم کرنے کے بجائے یہ کہو کہ:

بارخدایا!

ہمارے اور ان کے خون کو بہنے سے بچا۔ ہمارے اور ان کے مابین اصلاح
کر دے۔ انھیں ان کی گمراہی سے امر حق کی طرف ہدایت فرما۔ تاکہ جو حق کو نہیں جانتا
وہ اسے پہچان لے اور جو حریص اور شیفتہ گمراہی اور دشمنی ہو اسے اس (غلط اور
ناروا کلام) سے باز رکھ۔"

نہج البلاغۃ خطبہ ۱۹۷ مطبوعہ شیخ غلام علی اینڈ سنز
نہج البلاغۃ خطبہ ۲۰۴ ترجمہ مفتی جعفر حسین علیہ الرحمۃ

Presented by www.ziaraat.com



# اسلامی اتحاد

## مسلکِ اہل بیتؑ کی روشنی میں

"اسلامی اتحاد" کی بنیاد فکر و عقیدہ میں بھی نمایاں ہے اور ان قوانین اور ضوابط میں بھی بدرجہ اتم واضح اور آشکار ہے جو انسانی زندگی کے لیے خداوند عالم کی جانب سے نازل ہوئے ہیں۔

2 فکر و عقیدہ کے میدان میں مسلمانوں کے مشترک عقائد: توحید، نبوت اور قیامت کے مفاہیم، اسلامی اتحاد کا مظہر ہیں۔ 2

قرآن کریم اور شریعت مقدسہ اسلام کے وہ احکام و فرائض جن کی پابندی ہر انسان پر ضروری قرار دی گئی ہے، میں بھی اسلامی وحدت جلوہ فگن ہے۔ یہی احکام و فرائض وہ صراط مستقیم ہے جو مسلمانوں کے حرکت و سکون سے وابستہ ہے۔

❋

3) باقی رہیں عقیدہ کی تفصیلات، شریعت کی خصوصیات اور اقدار و

Presented by www.ziaraat.com



مفاہیم کی راہیں، تو ان میں فلسفیانہ افکار فقہی اجتہاد یا تفسیری موشگافیوں وغیرہ کی بنا پر مسلمانوں کے نظریات میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ اس لحاظ سے یہ کہا جا سکتا ہے کہ نقطہ ہائے اشتراک میں بھی اختلاف کی گنجائش موجود ہے اور باہمی آمیزش میں بھی آویزش کا پہلو اپنی جگہ قائم ہے) 3

اور جہاں تک زندگی اور اس کی جنبش میں اس اتحاد کی مخصوص حیثیت کا تعلق ہے تو وہ اسلامی طرز تخاطب میں بھی نمایاں ہے کہ جب مسلمان دوسروں سے گفتگو کے موقع پر، یا آپس میں ایک دوسرے سے خطاب کرتے ہوئے اپناتے ہیں قول و فعل اور باہمی تعلقات میں اسلامی نسبت کا احترام کرتے ہیں اور ایک دوسرے کی جان و مال اور عزت و ناموس کی حمایت کرتے ہیں۔ کیونکہ "اسلام" کا نصب العین ان کی زندگی میں رچا بسا ہوا ہے اور ان تمام اہم مقاصد کی راہ میں جن میں ان کی زندگی سے مربوط معاملات مشترک ہیں، اسی کے ساتھ وہ موقع، راستہ اور روش کے اتحاد کی بھی پابندی کرتے ہیں...... اور یہ وہ باتیں ہیں جو پوری امت کو عقیدہ کی ایک لڑی میں ہم آہنگ کرنے میں مؤثر کردار ادا کرتی ہیں۔ الگ الگ جنبشوں اور زندگی کے مختلف میدانوں میں 'اسلامی' خصوصیات ایک خاص کردار ادا کرتی ہیں جن سے ان روشوں کا تنوع بھی برقرار رہتا ہے اور اتحاد کے دائرے میں رہتے ہوئے تنوع کے یہ سارے پہلو بھی امتیازی شان سے باقی رہتے ہیں۔

اور حقیقت یہ ہے کہ انسانی زندگی کے تمام مسائل میں معاشرتی صورت بھی ہے چاہے آپس میں نظریاتی اتفاق ہو یا اختلاف۔ کیونکہ بنیادی عقیدے اور اس کی دقیق فلسفی تفصیلات، جو معاملات میں باریک بینی لاتی ہیں، ان کی سطح پر کوئی وحدتِ مطلقہ، قائم نہیں کی جا سکتی کیونکہ جب بھی کوئی عمومی قانون سامنے

Presented by www.ziaraat.com



آئے گا تو اُس میں داخلی یا خارجی سطح پر کچھ استثنائی صورتیں بھی لازمی طور سے موجود ہوں گی۔ اور ہر نظریے کے بارے میں جب تفصیلی بحث کی جائے گی تو اختلاف کا پایا جانا ایک ناگزیر امر ہوگا۔

۱۔ جیسے کہ ہماری کائنات ایسے منفرد اجزاء اور منتشر اکائیوں سے تشکیل کرتی ہے جن کو ایک سطح پر جمع نہیں کیا جا سکتا۔ اس کی رنگارنگی اسے مختلف میدانوں میں تقسیم کرتی ہے اور ہر ایک کے امتیازی حدود و قیود ایک کو دوسرے سے ممتاز کرتے ہیں۔

بنی نوع انسان کی اکثریت اسی روش پر چل رہی ہے جس کی وجہ سے عام معاشرتی معاملات میں بھی سب الگ الگ چلتے ہیں اور افکار و نظریات میں بھی جدا جدا موقف اختیار کرتے ہیں۔ اور جب تک تمام بنی نوع انسان مکمل طور سے تمام باتوں میں متحد نہ ہو جائیں ان لوگوں کو اتحاد کی کوئی بنیاد ہی نظر نہیں آتی۔

یہی وجہ ہے کہ بعض لوگوں کی کوشش ہے کہ اسلام کو بھی کئی حصوں پر اس طرح تقسیم کر دیں کہ کئی اسلام بن جائیں جو سب ایک دوسرے سے بالکل مختلف ہوں یا کلامی و فقہی اختلافات کو اس قدر بڑھا کر پیش کیا جائے کہ کفر و اسلام کی معرکہ آرائی میں تبدیل ہو جائے۔ ۲

یہ تو واضح ہے کہ حق ایک ہی ہے۔ لہٰذا تمام مذاہب برحق نہیں ہو سکتے۔ ایک حق پر ہوگا دوسرا باطل پر۔ اور باطل کی پیروی درحقیقت انکار حق کی نشاندہی کرتی ہے ــــــ ایسی صورت میں اگر فقہی و کلامی تفصیلات کو ہی ایمان کی بنیاد بنا لیا جائے تو پھر تفصیلات کا اختلاف ہی کفر و ایمان کا اختلاف بن جائے گا اور اس کا لازمی نتیجہ یہ نکلے گا کہ جن مسائل میں اس مذہب کے رہنماؤں اور مفکروں نے لغزش کی ہے ان کے لحاظ سے اکثر مذاہب میں کفر تفصیلی کی گنجائش موجود ہے۔ خواہ ان مفکروں اور رہنماؤں کو قابل معافی سمجھا جائے یا ناقابل معافی!!

Presented by www.ziaraat.com


مذکورہ بالا تمہید کی روشنی میں یہ ضروری محسوس ہوتا ہے کہ ہم اسلام کو ان ہمہ گیر مفاہیم کے اعتبار سے پیش کریں جن کی قرآن مجید نے نشاندہی کی ہے کیونکہ یہی نقطۂ اشتراک بھی ہے' مرکز اتحاد بھی!

چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ قرون اولی کے مسلمان مسئلہ خلافت' نیز دیگر بہت سے اسلامی عقائد و مفاہیم اور فقہی قوانین میں ایک دوسرے سے اختلاف رکھنے کے باوجود اسے ایک دوسرے کی تکفیر کا ذریعہ نہیں بناتے تھے۔ بلکہ اختلاف نظر کے باوجود یہ گنجائش رکھتے تھے کہ شاید فریق مخالف کے ذہن سے مطالب مخفی رہے ہوں گے یا اس سے غفلت و نادانی ہوئی ہوگی' یا اس کی ذاتی روش اسے اس طرف لے گئی ہوگی یا ان اختلافات و چپقلش کی نذر ہو گیا ہوگا جو احساسات و شعور کو متاثر کر دیتے ہیں اور بعض اوقات موقف کو پیچیدہ بنا دیتے ہیں!!

اور اگرچہ ان کے درمیان خانہ جنگی بھی ہوئی اور باہمی کشیدگی بھی انتہا کو پہنچی' مگر ایسا دقیق معنوں میں فکری کجی کی بنا پر یا شعور و احساسات میں اثر کر جانے والے اختلاف نظر کی بنا پر نہیں ہوا۔ بلکہ حالات کی روش' نظام کے خلل اور تجربات میں بیداری کے فقدان کی وجہ سے ہوا) ۱

امیر المومنین حضرت علی بن ابی طالب علیہ السلام کے زمانہ میں اگرچہ مسلمانوں کی زندگی نہایت سخت اختلافات کے مرحلے سے گزر رہی تھی لیکن آپ کے ارشادات میں وحدت اسلامی کا وسیع و عظیم پیغام نظر آتا ہے۔

جبکہ حقیقت یہ ہے کہ مسئلہ خلافت' امت مسلمہ کے درمیان اختلافات کی وہ بنیاد ہے جس نے مسلمانوں کی صفوں کو پراگندہ کر دیا۔ اسلامی پیکر کو متعدد ٹکڑوں میں بانٹ دیا۔ کیونکہ امامت و خلافت رسولؐ کا ایک تعلق اگر عقیدہ سے ہے تو

Presented by www.ziaraat.com



دوسرا تعلق اُن معاشرتی ذمہ داریوں سے ہے جو نبیؐ کے جانشین کی حیثیت سے عائد ہوتی ہیں۔

لیکن دوسرے گروہ نے خلافت کو محض ایک انتظامی مسئلہ قرار دیا جس کا مقصد مسلمانوں کے معاملات کو ایک نہج پر چلاتے رہنا قرار پایا، جس کے لیے کسی ذاتی تقدس یا پارسائی کی کوئی ضرورت نہیں سمجھی گئی۔

البتہ امیر المومنین علیہ السلام کی شخصیت مسئلہ خلافت کے لحاظ سے چکی کے اُس قطب کی ہے جس کے بغیر وہ چل ہی نہیں سکتی۔ آپؑ ہی کے بارے میں آنحضرتؐ نے وصیت فرمائی۔ اور (غدیرِ خم کے میدان میں) آپؑ ہی کی خلافت کے بارے میں ارشادِ ربانی کو حضورِ اکرمؐ نے اُمت کے سامنے پیش کیا۔ لیکن آنحضرتؐ کی رحلت کے بعد آپؑ کو مسندِ خلافت سے دُور کر دیا گیا اور ۲۵ برس تک اغیار اس پر قابض رہے لیکن سوچنے کی بات یہ ہے کہ اس پوری مدت میں امیر المومنینؑ نے کیا طرزِ عمل اختیار کیا؟

کیا وہ گوشہ نشین ہو کر محض خلیفہ کی غلطیاں شمار کرتے رہے یا آپؑ نے اسلامی دنیا میں مختلف مشکلات ایجاد کر کے حکومت کو بیخ و بن سے اکھاڑ پھینکنے کی منصوبہ بندی کی ——— ؟؟

کیونکہ یہاں مسئلہ حق و باطل کا ہے! تو کیا انھوں نے اپنے حق کو حاصل کرنے کے لیے باطل سے مکمل محاذ آرائی اختیار کی۔ چاہے اس کا کچھ بھی نتیجہ ہو۔ جیسا کہ آجکل بعض لوگوں کی روش نظر آتی ہے یا ماضی میں جن لوگوں کی وہ تائید کرتے ہیں ان کے طرزِ عمل سے اس کا اظہار ہوتا ہے کہ ان لوگوں کے نزدیک مصلحتِ وقت کوئی چیز ہی نہیں۔ بلکہ اسے وہ حق کے ساتھ خیانت قرار دیتے ہیں ——— !

Presented by www.ziaraat.com



یا یہ کہ مولاؑ نے ایک ایسی حکیمانہ عملی روش اختیار کی جو اس لحاظ سے نہایت متوازن تھی کہ جس کے ذریعے حق کا اظہار و اعلان بھی ہو جائے، اپنی مظلومیت کے خلاف احتجاج بھی کر دیا جائے اور اسلامی دُنیا میں داخلی طور سے امن و امان بھی برقرار رہے تاکہ وہ اندرونی اور بیرونی دشمنوں کا مقابلہ کرنے کے قابل بھی رہے۔ مسئلہ درحقیقت اہم اور غیر اہم کا تھا کہ جس کا دائرہ کار اسلام اور مسلمانوں کے عمومی مفادات تھے۔ اور تمام مخلص ذمہ داروں پر یہ فریضہ ہمیشہ سے عائد رہا ہے کہ اگر ایک طرف (اظہار حق میں قوم کی) مکمل تباہی نظر آ رہی ہو اور دوسری طرف کچھ نقصانات برداشت کرتے ہوئے موقف کی سچائی کو واضح کرنے کے امکانات ہوں تو کون سی راہ اختیار کی جائے۔

؟ ؟ ؟

امیر المومنین حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام نے اسلامی ریاست کے بارے میں جو موقف اختیار کیا اگر اس کا دقیق مطالعہ کیا جائے تو یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ آپؑ نے مثبت عملی موقف اپنایا جس میں ملت مسلمہ کے اعلیٰ مصالح کو پیش نظر رکھا گیا۔ اس وقت آپؑ کے پیش نظر جو بات تھی وہ اسلام کے وجود، بقا، طاقت، استحکام اور بیرونی عناصر سے تحفظ کی تھی۔

کیونکہ حضور اکرمؐ کے دنیا سے تشریف لے جانے کے بعد اسلامی دُنیا اپنے سب سے عظیم المرتبت قائد سے محرومی کے سبب کمزوری کا شکار تھی۔ اس لیے امیر المومنینؑ نے یہ پسند نہیں فرمایا کہ ظاہری خلافت سے اپنی محرومی کو پیش نظر رکھتے ہوئے کوئی منفی روش اختیار کریں جس سے امت مسلمہ کا وجود ہی خطرے میں پڑ جائے اور نہ آپؑ نے حکام جور سے اپنی ناراضگی کے سبب اسلامی شوکت کو کمزور ہونے دیا۔ نہ اپنے حق کی پامالی کو پیغام الٰہی کی نشر و اشاعت

Presented by www.ziaraat.com



میں سد راہ بننے رہا... تاکہ کفار و مشرکین کی یلغار اسلامی عمارت کو زمین بوس نہ کر دے اور قیادت کا اختلاف امت کی تباہی کا سبب نہ بنے۔

✽

حضرت امیرالمومنین کے نزدیک اسلام کا وجود ہر شے پر مقدم تھا، چاہے اس کے وجود کو آپ کی شرعی قیادت نصیب ہو یا یہ سفینہ خوارکسی اور آغوش میں پروان چڑھے!

البتہ اسلامی فکر، اسلامی شعور اور اسلامی بیداری کو بہر حال برقرار رہنا چاہیے، کیونکہ اگر بنیاد باقی رہے تو ہر قسم کے انحراف و کجی کو کسی نہ کسی وقت درست کیا جا سکتا ہے۔

لیکن اگر اسلام کا وجود ہی خطرے میں پڑ جائے یا اس کا تشخص مٹنے لگے تو یہ زیادہ بڑا سانحہ ہوگا کیونکہ اس صورت میں نہ نظام باقی رہے گا اور نہ قیادت کا کوئی تصور رہے گا۔

✽

امیرالمومنین حضرت علی بن ابی طالب علیہ السلام کے عظیم الشان موقف کو سامنے رکھ کر ہم "وحدت اسلامی" کے سلسلہ میں ٹھوس لائحہ عمل اختیار کر سکتے ہیں، اس لیے نہایت ضروری ہے کہ ہم قوم کی بقا اور مذہب کے تحفظ کے لیے قدم اٹھاتے وقت امیرالمومنین کے طرز حیات کا عمیق مطالعہ کریں اور ان سے زندگی کا سلیقہ اور بندگی کا طریقہ سیکھیں گے، چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ جب آپؑ نے مالک اشتر کو مصر کا گورنر بنایا تو انھیں ایک جامع دستور العمل بھی عطا فرمایا جو نہج البلاغہ کے اندر موجود ہے۔ جس میں آپ فرماتے ہیں کہ:

"... خداوند عالم نے حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو

Presented by www.ziaraat.com



تمام جہانوں تک پیغام پہنچانے والا اور مسلمانوں کے معاملات کا نگراں و پاسباں قرار دیا۔ لیکن آپؐ کے تشریف لے جانے کے بعد مسلمان اختلاف کا شکار ہو گئے۔ بخدا ہم لوگ سوچ بھی نہیں سکتے تھے کہ آنحضرتؐ کے بعد اہلِ عرب اہلبیت پیغمبرؐ سے (دلیں) منحرف ہو جائیں گے؟ اور مجھ سے کنارہ کشی اختیار کی جائے گی! ..... کس قدر حیرت انگیز بات تھی کہ لوگ ابوبکر کی بیعت کر رہے تھے ..... لیکن جب میں نے یہ محسوس کیا کہ (ان لوگوں کو روکنے کی کوشش کی گئی تو) یہ لوگ اسلام ہی سے پلٹ جائیں گے اور حضرت محمد مصطفیٰؐ کی لائی ہوئی شریعت ہی کو ختم کر دیں گے اور مجھے اندیشہ لاحق ہوا کہ اگر میں دینِ اسلام کی مدد و نصرت نہ کروں تو اس کی عمارت ہی منہدم ہو جائے گی۔ اور ظاہر ہے کہ میری خلافت سے محرومی کی بہ نسبت یہ زیادہ اندوہناک بات ہو گی ... تو میں ایک نئے عزم کے ساتھ اُٹھ کھڑا ہوا تاکہ باطل کی یہ سازش بھی مٹ جائے اور دینِ خدا پر جو آفت ڈھائی جا رہی ہے اس کا سدباب کیا جا سکے۔"

(ملاحظہ ہو نہج البلاغہ مکتوب ۶۲)

حضرت امیرالمومنینؑ نے اپنے اس فرمان میں پوری صورتِ حال کو نہایت واضح انداز میں آشکار کر دیا ہے جس سے یہ بات بھی واضح ہو جاتی ہے کہ آپؑ نے جو سکوت کا موقف اختیار کیا اس کا راز کیا تھا؟ اور کس طرح آپؑ نے رد و اہداف

Presented by www.ziaraat.com



ہیں سے بلند ترین عبادت۔ "دین اسلام کی بقا" کے لیے عظیم الشان جذبۂ قربانی کا مظاہرہ کیا اور اسلام کی تعلیمات کو زندہ رکھا۔ آپؑ کے اس فرمان رفیع الشان کے بعد ہر قسم کا گرد و غبار صاف ہو جاتا ہے۔ اور یہ حقیقت بھی واضح ہو جاتی ہے کہ حقیقی تقاضٔ صورت حال کی گہرائی کو دیکھتے ہوئے اپنے موقف میں لچک پیدا کرے تو لوگوں کو غلط فہمی کا شکار نہ ہونا چاہیئے۔ بلکہ دین و شریعت کے پیمانوں کو پیش نظر رکھ کر معروضی حالات کو سمجھنے کی کوشش کرنی چاہیئے۔

❋

آپؑ نے "اسلام کی بقا" کے اعلیٰ مقصد کو پیش نظر رکھتے ہوئے مکمل طور پر گوشہ نشینی اختیار کر لی اور مسند خلافت کی حقیقی تصویر کو اجاگر کرنے کے بعد امور سلطنت سے کنارہ کشی کو اپنا لیا۔

لیکن حالات نے نیا رُخ اختیار کیا اور "تحریک ارتداد" نے زور پکڑا جس کے نتیجہ میں اسلام کا وجود ہی خطرے میں پڑتا ہوا نظر آیا۔ اور بیرونی دشمنوں کی ریشہ دوانیاں بھی بڑھتی نظر آئیں۔ اس موقع پر آپؑ نے مکمل کنارہ کشی کو ترک کر دیا۔ حقیقت یہ ہے کہ ابتدائی طور پر کنارہ کشی بھی اسلامی مصالح کے تحت تھی اور اب اس کو ترک کرنے کی روش بھی اعلیٰ اسلامی مصالح کے ہی تابع تھی۔ اگرچہ ظاہر بیں نگاہوں میں پہلے منفی موقف تھا اب مثبت۔ لیکن امیر المومنینؑ کی زندگی میں یہ دونوں باتیں مشیت پروردگار کے تابع اور اسلام کے اعلیٰ مصالح کے مطابق تھیں۔ جب کنارہ کشی ضروری تھی تو آپؑ نے کنارہ کشی اختیار کی اور جب اسے ترک کرنا ضروری ہوا تو ترک بھی کر دیا۔ کیونکہ اب دین اسلام کی بقا کے لیے یہ ضروری ہو گیا تھا کہ آپؑ مکمل کنارہ کشی کو ترک کر دیں۔ اور یہ واضح ہے کہ امیر المومنینؑ کے تمام روحانی، فکری اور عملی اقدامات کا محور اسلام کے

Presented by www.ziaraat.com



اعلیٰ ترین مصالح تھے۔

آپؑ اگر آخر تک مکمل کنارہ کشی ہی اختیار کیے رہتے تو خارجی دشمنوں (کفار و مشرکین) کو جرأت پیدا ہو جاتی اور وہ اسلام کی عالیشان عمارت کو زمین بوس کرنے کے لیے ایڑی چوٹی کا زور لگا دیتے۔ اور ظاہر ہے کہ یہ بہت بڑا سانحہ ہوتا جبکہ زمام سلطنت کا ہاتھ میں ہونا تو چند دنوں کی بات ہوتی ہے اور عمومی لحاظ سے اسلام اور مسلمانوں کی حمایت میں ایک متحرک ذمہ داری کو ادا کرنا، اس کی فکری سطح کو بلند کرنا، اس کی توانائیوں کو ہر میدان میں بروئے کار لانا، ہمہ گیر حیثیت کا حامل ہے۔ اور اگر انسان اعلیٰ ترین منصب پر فائز نہ بھی ہو تو جس حد تک عملاً اس ذمہ داری کو پورا کرنا ممکن ہو، صاحبانِ احساس اپنے احساسِ مسئولیت کے تحت اسے انجام دینا ضروری سمجھتے ہیں، اور بنیادی مسائل کو حل کرنے میں اپنی توانائیاں بروئے کار لاتے ہیں۔

چنانچہ امیرالمومنینؑ نے اسلام کی بقاء اور مسلمانوں کے تحفظ کے لیے مثبت راہ اپنائی اور باطل قوتوں کی ان تمام ریشہ دوانیوں کو خاک میں ملا دیا جو اسلام کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنا چاہتی تھیں۔

آپؑ کے طرزِ عمل سے دینِ اسلام کی بنیادیں مستحکم ہوئیں۔ اور تاریخی لحاظ سے یہ بات ثابت ہے کہ امیرالمومنینؑ (کو اگرچہ منصب خلافت سے محروم کر دیا گیا تھا مگر آپؑ) نے تمام فکری مسائل کو حل کیا، علمی گتھیوں کو سلجھایا خلفائے ثلاثہ کو جو دینی مشکلات پیش آئیں۔ خاص طور پر جنگ کے مراحل، اور دوسرے مواقع پر آپؑ نے ایسی تجاویز پیش کیں جن سے اسلام کو تقویت بھی حاصل ہو اور مسلمانوں کی آبرو بھی محفوظ رہے۔ اسلام کے بلند تر مقاصد کے تحت آپؑ نے ذاتی رنجشوں اور حکام کی غاصبانہ روش کی پروا نہ کرتے ہوئے

Presented by www.ziaraat.com



9 وہی مشورے دیئے جن سے دین و مذہب کو فائدہ پہنچے ۔ چنانچہ جب خلیفۂ ثانی نے غزوۂ روم میں شرکت کے لیے حضرتؑ سے مشورہ لیا تو آپؑ نے فرمایا :

" خداوند عالم نے دین والوں کی حدوں کو تقویت پہنچانے اور ان کی غیر محفوظ جگہوں کو (دشمن کی) نظر سے بچائے رکھنے کا ذمہ لے رکھا ہے وہی خدا زندہ و غیر فانی ہے جس نے اس وقت بھی (دینداروں کی) مدد کی تھی جبکہ وہ اتنے تھوڑے تھے کہ دشمن سے انتقام نہیں لے سکتے تھے ۔ اور ان کی اس وقت حفاظت کی جب یہ اتنے مختصر تھے کہ اپنے کو محفوظ نہیں رکھ سکتے تھے ۔

اب اگر تم خود ان دشمنوں کی طرف بڑھے ، ان سے ٹکرائے اور کسی افتاد میں پڑ گئے تو اس صورت میں مسلمانوں کے لیے دور کے شہروں کے علاوہ کوئی ٹھکانہ نہ رہے گا اور نہ تمھارے بعد کوئی ایسی پلٹنے کی جگہ ہوگی کہ اس کی طرف پلٹ کر آسکیں ۔ (کیونکہ حکومت کا اعلیٰ عہدہ تو تمھارے قبضہ میں ہے) لہٰذا تم اپنے بجائے کسی تجربہ کار آدمی کو بھیجو اور اس کے ساتھ ایسے لوگوں کو روانہ کرو جن کی کارکردگی اچھی ہو اور جن میں خیر خواہی (پائی جاتی) ہو ۔ اگر خداوند عالم نے غلبہ دے دیا تو ظاہر ہے کہ یہ اچھی اور ہم سب کی پسندیدہ بات ہوگی اور اگر صورت حال مختلف ہوئی تو تم لوگوں کے لیے ایک مددگار اور مسلمانوں کے لیے پلٹنے کا ایک مقام ہوگے ۔"

(ملاحظہ فرمایئے نہج البلاغہ خطبہ ۱۳۲)

Presented by www.ziaraat.com



اسی طرح جب خلیفہ ثانی نے جنگِ فارس میں شرکت کے لیے آپؑ سے مشورہ طلب کیا تو فرمایا کہ:

• اس کام میں کامیابی و ناکامیابی کا دار و مدار فوج کی کمی بیشی پر نہیں رہا ہے، یہ تو اللہ کا دین ہے جسے اس نے (سب دینوں) پر غالب قرار دیا ہے، اور اسی کا لشکر ہے جس کو اس نے تیار کیا ہے، اور اس کی ایسی نصرت کی ہے کہ وہ بڑھتے بڑھتے موجودہ حیثیت تک پہنچ گیا ہے اور پھیل کر اپنی موجودہ وسعت تک آ گیا ہے. ہم سے اللہ کا ایک وعدہ ہے اور وہ اپنا وعدہ ضرور پورا کرے گا اور اپنے لشکر کی خود ہی مدد کرے گا۔

امورِ سلطنت میں حاکم کی وہی حیثیت ہوتی ہے جو (کسی ہار کے) دانوں کے درمیان ڈوری کی ہے جو انہیں سمیٹ کر رکھتی ہے. اگر وہ ڈور ٹوٹ جائے تو سب دانے بکھر جائیں گے اور پھر وہ سمیٹے نہ جا سکیں گے۔

آج عرب دنیا کے لوگ اگرچہ گنتی میں کم ہیں مگر اسلام کی وجہ سے وہ بہت ہیں اور اتحاد باہمی کی وجہ سے فتح و غلبہ پانے والے ہیں ۔ تم اپنی جگہ پر کھونٹی کی طرح جمے رہو اور عربوں کا نظم و نسق برقرار رکھو. ان ہی کو جنگ کی آگ کا مقابلہ کرنے دو، اس لیے کہ اگر تم نے اس سرزمین کو چھوڑا تو اطراف و جوانب سے بادیہ نشین تم پر ٹوٹ پڑیں گے، یہاں تک کہ تمہیں اپنے سامنے کے حالات سے زیادہ ان مقامات کی فکر لاحق ہو جائے گی جنہیں تم اپنے پیچھے غیر محفوظ شکل میں چھوڑ کر

Presented by www.ziaraat.com



گئے ہوں گے۔ کل اگر عجم والے تمہیں دیکھیں گے تو (آپس میں) یہ کہیں گے کہ: "یہ ہے سردار عرب"۔ پھر اگر تم نے ان کا قلع قمع کر دیا تو تم آسودہ ہو جاؤ گے مگر اس کی وجہ سے ان کی حرص و طمع تم پر زیادہ ہو جائے گی۔

اور یہ جو تم کہتے ہو کہ وہ لوگ مسلمانوں سے جنگ کرنے کے لیے چل کھڑے ہوئے ہیں۔ تو اللہ ان لوگوں کے آگے بڑھنے کو تم سے زیادہ بُرا اور ناپسندیدہ سمجھتا ہے۔ اور وہ جس بات کو ناپسندیدہ سمجھے اسے بدلنے (اور روکنے) پر بہت زیادہ قدرت رکھتا ہے۔

اور تم ان لوگوں کی تعداد کے بارے میں جو کہتے ہو (کہ وہ بہت زیادہ ہیں اسلامی لشکر کیسے اتنے بڑے لشکر کا مقابلہ کرے گا) تو (یہ بات اچھی طرح ذہن نشین کر لو کہ) ہم ماضی میں کثرت کی بنا پر نہیں لڑا کرتے تھے بلکہ اللہ کی تائید و نصرت کا سہارا ہوتا تھا۔"

(ملاحظہ ہو نہج البلاغہ۔ خطبہ ۱۴۴)

مذکورہ بالا دونوں اقتباسات میں ہمیں اسلامی وحدت کی حقیقی عملی جنبش نظر آتی ہے ورنہ عام دنیاوی حالات میں اور جب دو شخصیتوں کے درمیان قیادت کے مسئلہ پر سنگین اختلافات ہوں تو صورت حال یہ نظر آتی ہے کہ ہر فریق دوسرے کے مخالف روش اختیار کرتا ہے، اسے نقصان پہنچانے کی کوشش کرتا ہے اور ایسے عناصر اور حالات کی حوصلہ افزائی کرتا ہے جن سے فریق مخالف کی زندگی خطرے

Presented by www.ziaraat.com


میں پڑ جائے۔ کم از کم یہ تو ضرور ہی کرتا ہے کہ جب فریقِ مخالف کو خطرے کا سامنا ہو تو اخلاق بن جاتا ہے کیونکہ یہ اخلاق بھی فریقِ مخالف کو راستے سے ہٹانے میں کارگر ہو سکتی ہے اور اُس کا راستے سے ہٹنا اس کے لیے مسندِ اقتدار پر بیٹھنے کا موقع فراہم کر سکتا ہے!

خصوصاً جب مرکزی قیادت کے بارے میں نقطۂ نظر کا اختلاف صرف ذاتی مفاد پر مبنی نہ ہو بلکہ فریقِ ثانی کا تسلط غیر قانونی بھی ہو اور شرعی لحاظ سے ناقابلِ قبول بھی۔ تو اس صورت میں مسئلہ ذاتی ذمہ داریوں کی حدود میں آجاتا ہے اور بادی النظر میں یوں نظر آتا ہے کہ فریقِ مخالف کو ہٹا دینا ہی قرینِ مصلحت ہے تاکہ حقِ حکومت اس کے سچے حقدار کو مل جائے، شرعی لحاظ سے بھی، مسلمین کے مفاد کے لحاظ سے بھی!

لیکن امیر المومنین حضرت علی بن ابی طالب علیہ السلام کا اندازِ فکر کچھ اور تھا۔ وہ مسئلہ کو معتبر بنا کر نہیں رکھنا چاہتے تھے بلکہ ان کی گہری نگاہ حقائق کو ان کی اصلی شکل میں دیکھ رہی تھی۔

یہ بھی تو ہو سکتا ہے کہ ابھی ماحول اس بڑی تبدیلی کے لیے سازگار نہ ہو۔ دوسری طرف یہ امکان بھی نظر انداز نہیں کرنا چاہیے کہ:

روم و فارس کی سلطنتیں، جو اس وقت مسلمانوں کی سب سے بڑی دشمن تھیں ان کی فوجی طاقت کے مقابلے میں خلیفۂ وقت کی ہلاکت و بربادی، اسلام کی موقعیت کے لحاظ سے نقصان دہ ہوتی۔ جس کا منفی اثر یہ ہو سکتا تھا کہ خود اسلام کا وجود خطرے میں پڑ جاتا۔

کفار کے لیے اس کی کوئی اہمیت نہیں تھی کہ مسلمانوں کی مسندِ حکومت پر جو شخص بیٹھا ہے اس کی ذاتی خصوصیات کیا ہیں۔ ان کے لیے تو وہ اسلامی شوکت کا نمائندہ تھا۔ (جس کی ہلاکت کفار و مشرکین کی مسرت و شادمانی کا سبب بنتی) اس لیے صفِ اول کے قائدین پر یہ فرض عائد ہو جاتا ہے کہ ایسے موقع پر انفرادی خصوصیات

Presented by www.ziaraat.com



سے بلند ہو کر خود اسلام کو بچائیں، اور اسلام کی حفاظت کے لیے اس شخص کی بھی حفاظت کریں اور ان مخصوص حالات میں اسے منظر سے نہ ہٹنے دیں۔ کیونکہ یہ شخص اس وقت ہلاک ہو گیا تو اسلامی شوکت کو نقصان پہنچے گا لہٰذا اسلامی شوکت کی حفاظت کے لیے اس شخص کی بھی حفاظت کی جائے گی۔

حضرت امیر المومنین علیہ السلام اگرچہ اس وقت اسلامی حکومت کی قیادت سے محروم تھے لیکن اسلام اور مسلمانوں کے سب سے بڑے پاسباں کی حیثیت سے انھوں نے اسی موقف کو اختیار کیا۔ قیادت کا مسئلہ پاسبانی ونگرانی سے مربوط ہے چنانچہ آپؑ نے ہر موقع پر اسلام کی حفاظت کو مدنظر رکھا اور وہ تمام معاملات جن میں مشیروں کی وجہ سے خلیفۂ وقت کو پسپائی ہو سکتی تھی، ان میں آپؑ نے مداخلت فرمائی اور کسی بھی معرکہ میں نبرد آزمائی کے لیے جس روحانی عنصر کی ضرورت ہے اس کو امام عالی مقامؑ نے پیش نظر رکھتے ہوئے خلیفۂ وقت کی بروقت رہنمائی فرمائی جیسا کہ آپؑ کے اس جملے سے مترشح ہے کہ:

"خداوند عالم کو یہ پسند نہیں ہے کہ تم بھی ان لوگوں کے ساتھ نکلو۔"

یا اسی طرح آپؑ کا یہ فرمانا کہ:

"ہم لوگ خدا کی مدد و نصرت کے سہارے جنگ کرتے تھے نہ کہ افواج کی کثرت کے ذریعہ!"

❋

۵ اور یہ ہے اسلام کی وہ عملی روش جس میں نظریات کا اختلاف مسائل کو الجھانے کا سبب نہیں بنتا بلکہ اسلام کے بلند تر مقاصد اس روش کی بنیاد ہوتے ہیں اور تمام منصوبے اور تمام راہیں اسی کی خاطر اپنائی جاتی ہیں تاکہ ہر موقع پر اسلام

Presented by www.ziaraat.com



کے آفاقی مصالح کو مدنظر رکھا جائے چاہے اس کے لیے طریقہ مثبت اختیار کرنا ہو یا منفی! اور اسلام کے ارفع مقاصد کے حصول کے سلسلہ میں ذاتی، شخصی یا مختصر مواقع کے مفادات کو نظر انداز کر دیا جائے۔

حاصل امیر المومنینؑ کے اس موقف کی روشنی میں ہم سیاسی، سماجی، فکری اور تبلیغی میدان میں اسلامی اسلوب حیات کا ایک عمومی قانون تشکیل دے سکتے ہیں۔ اگر ہمارے نظریاتی حریف کی پوزیشن ایسی ہو کہ اس کی کمزوری خود اسلام کی کمزوری کا مظہر بن جائے تو ایسی صورت میں اسلام اور مسلمانوں کو تقویت پہنچانے کے لیے ہمیں اس کی کمزوری سے فائدہ اٹھانے کے بجائے اُسے دُور کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔

اور یہ بات اسی حد تک محدود نہیں رہے گی، بلکہ تمام سماجی، ثقافتی اور تبلیغی مراحل میں اسے پیش نظر رکھنا ہوگا۔ جب بھی دشمنان دین اور منحرف طاقتیں ہمارے داخلی اختلافات سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اپنے گوناگوں وسائل کو کام میں لاتے ہوئے اسلام کے فکری یا اقتصادی موقف کو کمزور کرنے کی کوشش کریں، تو ہم پر یہ فرض ہو جائے گا کہ ہم اسلام کے بلند تر مقاصد کو پیش نظر رکھیں (اور ضرورت ہو تو) ان بیشتر وسائل کو منجمد کر دیں جن کی وجہ سے دشمن طاقتیں ہماری طرف غلط نگاہ سے دیکھ رہی ہیں۔ اور ایسے ابتدائی اقدامات کریں جن سے اسلامی وحدت آشکار ہو رہی ہو، کیونکہ ان باتوں سے اسلامی قوت کو زندگی ملے گی۔

۱۱ جناب امیر المومنین علیہ السلام کے بعض ارشادات میں یہ تاکید بھی پائی جاتی ہے کہ مذہبی اور فکری اختلافات کی صورت میں پرجوش افراد جو سخت روش اختیار کرتے ہیں ان سے اجتناب کیا جائے تاکہ انسان نفس کے ہیجان اور باطن میں چھپے ہوئے عناد سے متاثر ہو کر کوئی اقدام نہ کر بیٹھے۔ اسی طرح (دشمنان دین پر لعنت کی اجازت کے باوجود)

Presented by www.ziaraat.com



اُن کو گالی دینے یا نفرین کا ایسا انداز اپنانے سے منع کیا گیا ہے جو بازاری ذہنیت کی عکاسی کرتا ہو۔ اگرچہ وہ عرف عام میں گالی کی حدود میں نہ بھی آتا ہو۔ ۱۱

2 ) امیر المومنین ؑ نے (دشمنانِ دین کو بھی) دشنام سے اس لیے منع کیا کہ آپؑ اسے پسندیدہ صفات میں سے نہیں سمجھتے اور یہ باہمی محبت اور (انسانی) احترام کے خلاف ہے۔ پھر یہ کہ اس سے کوئی مثبت فائدہ بھی حاصل نہیں ہو سکتا۔ نہ ہی یہ عمل موقف (کی سچائی اور دشمن) پر غلبہ حاصل کرنے میں نتیجہ خیز ہو سکتا ہے۔ بلکہ بسا اوقات 'دشنام طرازی' ہیجان کی طرف لے جاتی ہے اور دوسرا پہلو نگاہوں سے اوجھل ہو جاتا ہے صرف مقابلہ کا ارادہ بڑھ جاتا ہے اور ذاتیات اس قدر دخیل ہو جاتی ہیں کہ اگر اصل مسئلہ قومی و سیاسی بھی رہا ہو تو وہ شخصی و انفرادی بن جاتا ہے ۱۲

اور بعض اوقات باہمی دشنام طرازی شروع ہو جاتی ہے اور ردعمل کے طور پر گفتار کی جنگ، رفتار کی جنبش پر غالب آنے لگتی ہے جس کی وجہ سے انسان اپنے بلند تر اہداف کے حصول سے عاجز ہو جاتا ہے۔ جیسا کہ ارشادِ قدرت ہے:

"اور خبردار تم لوگ انھیں برا بھلا نہ کہو جن کو یہ لوگ خدا کو چھوڑ کر پکارتے ہیں کہ اس طرح یہ دشمنی میں بغیر سوچے سمجھے خدا کو برا بھلا کہیں گے، ہم نے اسی طرح ہر قوم کے لیے اس کے عمل کو آراستہ کر دیا ہے۔"

(سورہ انعام ۶ - آیت ۱۰۸)

توجیب دشنام کی روش کو اس قدر سختی سے روکا گیا ہے کہ مشرکین کو بھی دشنام دینے کی اجازت نہیں ہے چہ جائیکہ مومنین و کافرین باہمی تنازعات میں گالی پر اتر آئیں، اور ایک دوسرے کو یا ایک دوسرے کی قابلِ احترام چیزوں کو گالی دینے لگیں۔ کیونکہ اس کے نتیجے میں بات یہاں تک پہنچ سکتی ہے کہ وہ خدا ہی کو گالی دینے لگیں

Presented by www.ziaraat.com



جس کی اسلام کبھی اجازت نہیں دے سکتا، کیونکہ اسلام کے نزدیک تو نام خدا بھی محترم ہے اور کوئی بھی ایسی ہیجان انگیزی جو اس کے نام گرامی کے ساتھ بے ادبی کبھی جائے اس سے دور رہنا ضروری ہے

اور جب کفار و مشرکین کو برا بھلا کہنے سے اتنی سختی سے منع کیا گیا ہے تو اسلامی دائرہ میں کیسے اس کی اجازت دی جا سکتی ہے کہ باہمی اختلافات ان دشنام طرازیوں کی طرف کھینچ لے جائیں کہ باہمی نظریاتی اور فکری اختلافات کی بنا پر مسلمانوں کی قابل احترام چیزوں اور اسلامی شعائر پر ہی دشنام طرازیوں کی بوچھار کر دی جائے۔ یہ ان کے شعائر کی توہین کریں یا وہ ان کے شعائر کی بے ادبی کریں بلکہ یہ اسلامی ماحول کی خدمت تو نہ ہو گی جو ہم سے یہ تقاضہ کرتا ہے کہ ہم اپنی فکری سطح اور روحانی تعلقات کی سطح کو اس قدر بلند کرلیں کہ ہمارے درمیان اخوت، تعاون اور باہمی میل جول کے راستے ہمیشہ کھلے رہیں

جنگ صفین کے موقع پر جب حضرت امیرالمومنینؑ نے سنا کہ آپؑ کے کچھ ساتھی دوران جنگ شامیوں پر سب و شتم کر رہے ہیں تو آپؑ نے ارشاد فرمایا کہ:

" میں اسے پسند نہیں کرتا کہ تم گالم گلوچ کرو۔ لیکن اگر تم ان کے برے کردار کا تذکرہ کرو تو بے شک یہ مناسب ہے اور مقام عذر میں بلیغ تر اور رساتر ہے اور بہتر یہ ہے کہ انھیں سب و شتم کرنے کی بجائے یہ کہو: بار خدایا! ہمارے اور ان کے خون کو بہنے سے بچا، ہمارے اور ان کے مابین صلح کرا دے۔ انھیں ان کی گمراہیوں سے حق کی طرف ہدایت فرما تاکہ جو حق کو نہیں جانتا وہ اسے پہچان لے اور جو حرف بیہودہ شیوہ گمراہی اور دشمنی ہو (ایسے اس (غلط اور) ناروا کام سے

Presented by www.ziaraat.com



باز رکھو۔" (نہج البلاغہ خطبہ ۱۹۷)

مذکورہ بالا ارشادِ گرامی پر ایک سرسری نگاہ بھی اس حقیقت کو عیاں کرنے کے لیے کافی ہے کہ امیر المومنینؑ کو یہ پسند نہیں تھا کہ دوسروں کے مقابلہ پر اپنے منفی موقف کو لوگوں کے سامنے کمال کے اسلوب میں پیش کیا جائے۔ کیونکہ اس کا کوئی اچھا نتیجہ کبھی برآمد نہیں ہو سکتا خصوصاً مسلمانوں کے باہمی اختلافات میں تو اس کی کوئی گنجائش ہی نہیں ہے۔ بلکہ یہ طریق کار تو اس امکانی فکری گنجائش و موقف کے بارے میں غور و فکر کی راہیں بھی مسدود کر دیتا ہے۔ جسے آخر کار، تمام وسائل استعمال کرنے کے باوجود بنیادی مقصد کے طور پر پیش نظر رکھنا چاہیے۔

13 امام عالی مقام حضرت امیر المومنینؑ اپنے ساتھیوں اور مسلمانوں سے یہ تقاضہ نہیں کرتے کہ وہ دشمن سے مقابلے کے موقع پر منفی موقف اختیار کرتے ہوئے اس سے مخالفت کے موقع پر بالکل ساکت و جامد ہو جائیں۔ کیونکہ ایسا کرنا بسا اوقات مقابلے کے موقع پر عملی لحاظ سے صحیح نہیں ہوتا۔ اور دوسروں کے سامنے مخالف کے مقابلے میں اپنے موقف کی سچائی کو واضح کرنا ضروری ہو جاتا ہے۔ چنانچہ آپؑ نے اپنے ساتھیوں کو توجہ دلائی کہ وہ دوسرا اسلوب اختیار کریں، مخالف کے مقابلے میں اپنے موقف کی سچائی و پاکیزگی کو لوگوں کے سامنے واضح کریں اور سرشتِ پروردگار ان کے تعلقات میں جو روحانیت کی لہریں کارفرما ہیں اور ان کے ذاتی شعور و ادراک میں جو نفسیاتی و انفرادی احساسات کا مزاج ہے اسے آشکار کریں۔ یہ چیز ایسی ہے جو مسلمانوں کے باہمی اختلافات اور گوناگوں مسائل کو طے کرنے کے سلسلے میں ایک عملی قاعدہ اور باشعور روحانی روش بن سکتی ہے [13]

جب بھی مسلمانوں میں بعض ایسے مسائل میں اختلاف ہو جنہیں ہر فریق موقف یا نظریہ سے انحراف سمجھتا ہو تو ہر ایک کو اپنے دائرۂ اختیار میں رہتے ہوئے

Presented by www.ziaraat.com



یہ حق ہونا چاہیے کہ وہ اس مسئلہ میں اپنی رائے پیش کرے اور فریق مخالف کے من کا موقف
کو صراطِ مستقیم سے ہٹا ہوا پائے اُن کو آشکار کرے۔ ان کی اس کیفیت کی نشاندہی کرے
جو مردِ مسلمان کی آئیڈیل اور پسندیدہ صورتِ حال سے مختلف ہو۔ تاکہ لوگوں کو نئے نقطۂ نظر
کی روشنی میں صحیح راستے کو پہچاننا ممکن ہو سکے۔ اور وہ لوگ یہ سمجھ سکیں کہ ہم نے جنگ یا صلح
کے موقع پر اُن کے موقف سے الگ جو موقف اختیار کر رکھا ہے، یہی صحیح ہے۔ اور ہم اُن
کی مخالفت کرنے پر مجبور ہیں۔ ظاہر ہے کہ یہ ایک صحیح موقف کے سلسلہ میں تبلیغ اور
حق بجانب عذر ہوگا۔

یہ روش لوگوں کو آمادہ کرے گی کہ وہ ہر موقف کا باریک بینی سے جائزہ لیں۔
اور دونوں باتوں میں سے درست موقف کو اختیار کریں۔ اسی طرح اس روش کو اختیار کرنے
سے ایک عمومی مفاہمت کی فضا بھی پیدا ہوگی جو دوسروں کو آمادہ کرے گی کہ وہ اپنے
عقائد کے سلسلہ میں جن باتوں کا دفاع ضروری سمجھتے ہوں، ان کے لیے یہی طریقہ اختیار کریں
اپنے موقف کے دفاع کے لیے مخالفین کی کارکردگی اور صورتحال کو واضح کریں تاکہ لوگوں
کے لیے حقیقت کو سمجھنے اور مل بیٹھ کر مسائل کو سلجھانے کی راہ ہموار ہو سکے۔

❋

اسی کے ساتھ یہ بھی ضروری ہے کہ انسان میدانِ مبارزت میں دھیمی رفتار سے
چلے۔ خصوصاً جب حالات نفسیاتی ہیجان، ذاتی پیچیدگیوں اور ماحول کے ردِ عمل کے طور پر
جنگ و جدال تک کھینچ لے جائیں، جو بعض اوقات عداوتوں کو بڑھا دیتے ہیں، دلوں کو کینے سے
بھر دیتے ہیں اور عملی زندگی کی کھینچا تانی میں اضافہ کا باعث ہوتے ہیں۔ تو انسان کے
لیے نجات کا واحد راستہ یہ ہے کہ اسلامی روح کو اپنا لے۔ اس روح کے ساتھ بارگاہِ معبود
تک رسائی حاصل کرنے کے لیے اسی کے سامنے گڑگڑائے کہ وہ ان مسلمانوں پر اپنی خصوصی
رحمت نازل فرمائے جو آپس میں اختلاف رکھتے ہیں یا برسرِ پیکار ہیں۔ بلکہ پروردگارِ عالم ان

Presented by www.ziaraat.com



کے درمیان رحمت، محبت، کشادگی اور سلامتی کی نئی روح پھونک دے، جس کے نتیجہ میں ہماری جان بھی محفوظ رہے، دوسروں کا خون بھی نہ بہے، جنگ رک جائے اور ایسے تبادلۂ خیالات کی گنجائش پیدا ہو جائے جس کی اساس و بنیاد حق و حقیقت تک پہنچنے کا جذبہ ہو۔ ہمارے باہمی معاملات کی اصلاح ہو جائے، ہم ان مشترک معاملات کو سمجھنے لگیں جو عقائد، نظریات اور ان عمومی مصالح میں پائے جاتے ہیں جو درحقیقت کفر اور کفار کے مقابلے میں اسلام اور تمام مسلمانوں کے مصالح و مفادات کی حیثیت رکھتے ہیں۔ اور خدا سے یہ بھی دعا کریں کہ ان لوگوں کے عقائد میں جو گمراہی ہے اسے دور کر کے انھیں ہدایت کے راستے پر لائے، ضلالت و گمراہی کے دروازوں کو بند کر کے ان کے سامنے ہدایت کے دروازوں کو کھول دے اور نہایت قریبی راستے سے انھیں حق کی پیروی پر آمادہ کرے تاکہ وہ ایسی پرسکون فضا میں جو نفس کو اطمینان و کشادگی عطا کرتی ہے دل کی وسعت کے ساتھ حق و باطل میں امتیاز پیدا کر سکیں، تاکہ انسان حقائق کا ان کی روشن اور واضح راہوں سے ادراک کر سکے اور نافرمانی و سرکشی سے محفوظ رہ سکے —— اور ایسی صورت حال پیدا نہ ہو کہ کسی موقف کو اختیار کرنے کے سلسلہ میں مقابل سے دشمنی اس کے افکار پر مسلط ہو جائے اس کے لیے ہمیں اپنے اندر تبدیلی پیدا کر کے اخوت و بھائی چارے کی روح کو پیدا کرنا ہوگا جس کی بنیادوں میں دوسروں سے الفت و محبت ایک کلی قانون کی طرح سموئی ہوئی ہوتی ہے جیسا کہ امیرالمومنین سے منقول ہے کہ:

"احصد الشر من صدر غیرک بقلعہ من صدرک۔"

"دوسرے کے سینے سے کینہ و شر کی جڑ اس طرح کاٹو کہ خود اپنے سینہ سے اسے اکھاڑ پھینکو۔" (کلمات قصار ۱۷۸)

اگر انسان اپنے دل و دماغ کو شر کے تمام افکار و تصورات سے پاک کر سکے تو

Presented by www.ziaraat.com



وہ اس بات پر قادر ہوگا کہ اپنی تمام کارکردگیوں میں متوازن اور شائستہ روش اختیار کرسکے، جس کے نتیجہ میں فریق مخالف کے اندر بھی نیکی کے تصورات پیدا ہوسکتے ہیں جیساکہ معاشرتی زندگی میں "عمل اور ردعمل" کے فطری قانون اور لوگوں کے باہمی تعلقات کے اسلوب سے پتہ چلتا ہے۔

امیرالمومنین حضرت علی علیہ السلام جو مردِ مسلمان کی شخصیت میں اس روح کو ایجاد کرنا چاہتے تھے اور دلوں میں بھڑکتی ہوئی عداوت کی آگ کو بجھانا چاہتے تھے، وہ اس بات کی تائید نہیں کرتے کہ مسلمانوں کے باہمی اختلافی مسائل کو بالکل ہی نظرانداز کردیا جائے، یا ان کی طرف سے غفلت اختیار کی جائے۔ کیونکہ اس کے نتیجہ میں فتنہ و فساد، ایک نئی محاذ آرائی اور فکری اضطراب پیدا ہوسکتا ہے۔ اور افکار و خیالات اگر زیر زمین چلے جائیں، لوگوں کی اندرونی دنیا کا خیال نہ کیا جائے اور فکری بےچینی کو نظرانداز کرکے اگر کوئی فیصلہ کیا جائے تو اس کی بنیاد پر جو وحدت پیدا ہوگی وہ جھوٹی بنیادوں پر قائم ہوگی اس میں سچائی اور دوستی کی بنیاد نہیں ہوگی۔

امیرالمومنینؑ تاکید فرماتے تھے کہ مسلمان اپنے عقائد و احکام میں حق اور اسلام کے ساتھ اخلاص کی روش اپنائیں، اور ان میں آپس میں جو بھی اختلاف رائے ہو اس میں اصل تمنا حق تک پہنچنے کی ہو، جو بحث و مباحثہ ہو اس میں حکمت اور موعظہ حسنہ کے اصول کارفرما ہوں۔ سب لوگ خدا و رسولؐ ہی کی طرف رجوع کریں۔ ان ہی کے ارشادات کی روشنی میں باہمی مسائل کا فیصلہ کریں۔ فکری معاملات کی علمی انداز میں تحقیق کریں۔ ان میں ذاتیات کو دخل اندازی کا موقع نہ دیں، تاکہ ایک طرز فکر دوسرے طرز فکر کے مقابلے پر آئے، نہ ایک گروہ دوسرے گروہ کے مقابلے پر کیونکہ لوگوں کے گروہ ایک دوسرے سے برسرپیکار ہوتے ہیں تو عام طور سے اختلاف کی صورت میں ذاتی مفادات بنیادی حیثیت اختیار کرلیتے ہیں۔

Presented by www.ziaraat.com



اس کی روشنی میں نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ اختلافی مسائل بھی ایک دوسرے سے دوری، دشمنی یا جنگ و جدال کا سبب نہیں بنیں گے بلکہ پُرسکون علمی اور منطقی انداز میں ان پر علمی بحث ہو سکے گی۔ جیسا کہ قرآن مجید میں بحث و مباحثہ کے لیے ہدایت کی گئی ہے کہ نہایت شائستہ ہونی چاہیے اور مخالف کی بات کو نہایت عمدہ طریقے سے رد کرنا چاہیے۔

جیسا کہ ہم حضرت امیر المومنینؑ کے خطبوں، ارشادات اور حکیمانہ کلمات میں دیکھتے ہیں کہ انھوں نے خلافت جیسے حساس مسئلہ پر اپنے حق کے اظہار اور مخالفین کے موقف پر تنقید کرتے ہوئے مختلف مقامات پر مختلف انداز سے گفتگو فرمائی ہے تاکہ لوگ کسی ہیجانی کیفیت میں مبتلا ہونے یا کسی پیچیدگی میں پڑنے کی بجائے اس مسئلہ پر اچھی طرح غور کریں۔ اسی طرح جن مسائل میں لوگوں کے درمیان اختلاف نظر ہوتا تھا ان پر بحث و تحقیق کے لیے آپؑ فکری روش کو اپنانے کی تاکید فرماتے تھے۔ یہ اسلامی اجتہاد کا عمل مکالمہ اور تبادلہ خیالات کی ایک ایسی روش پر جاری و ساری رہا ہے جس کے دروازے ہر قسم کے مسائل کے لیے حتیٰ کہ ان مسائل کے لیے بھی کھلے رہے جو عام پبلک کے لیے نہایت حساس ہوتے ہیں تاکہ بحث و مباحثہ کو کسی دائرے میں پابند نہ کیا جائے۔ کیونکہ اگر کوئی فکری مسئلہ عقیدہ بن کر دلوں میں زندگی گزار رہا ہے تو اسے ذہن سے جدا نہیں کیا جا سکتا۔

کسی مسئلہ میں ذہن کے مطمئن ہونے، کچھ باتوں کے پابند ہونے اور کسی نظریے سے نسبت کے لیے ضروری ہے کہ اس کی عمومی بنیادوں پر تفصیل سے بحث اور جستجو کی جائے۔ تاکہ جو زندہ ہے اس کے پاس دلیل موجود ہو اور جو ہلاک ہو رہا ہے اس پر اتمام حجت کی جا چکی ہو۔

16 چنانچہ خطبہ شقشقیہ میں آپؑ نے مسئلہ خلافت کو سامنے لا کر مختصر الفاظ میں اس کے تمام پہلوؤں پر روشنی ڈال دی، تاکہ خلافت کے بارے میں لوگوں کے سامنے آپؑ کا موقف واضح ہو جائے اور آپؑ نے اپنے نقطہ نظر کے اسلوب کو لوگوں کے سامنے روشن

Presented by www.ziaraat.com


کر دیا تاکہ وہ فیصلہ کر سکیں کہ یہ مسئلہ ذاتی نہیں، بلکہ اس سے آگے بڑھ کر یہ تحفظِ رسالتؐ کا مسئلہ ہے جو احساسِ فرض کے راستے پر گامزن ہو کر یہ مطالبہ کر رہا ہے کہ:

• خداوندِ عالم نے علماء پر یہ ذمہ داری عائد کی ہے کہ وہ ظالم کی چیرہ دستی اور مظلوم کی تہی دستی و محرومی پر خاموش نہ رہیں، اور جب ضروری اور مناسب طاقت و قوت میسر ہونے کی بنا پر حجت قائم ہو چکی ہو تو ہر قسم کے ظلم کا مقابلہ کرنے کے لیے تیار رہیں۔ (نہج البلاغہ خطبہ نمبر۳)

اس مسئلہ کے کچھ آثار ہمیں آپؑ کے ان ارشادات میں بھی نظر آتے ہیں جو آپؑ نے دعائیہ انداز میں پیش کیے ہیں۔ گویا اس قضیہ کو خداوندِ عالم کی بارگاہ میں لے گئے ہیں۔ کیونکہ یہ ایک ایسا مسئلہ ہے جو بڑے بڑے معاملات کے سلسلہ میں ان ذمہ داریوں کا دروازہ کھول دیتا ہے جو خداوندِ عالم نے بندوں پر عائد کی ہیں۔ اسے دعا کے طور پر پیش کرنے کی ایک وجہ یہ بھی تھی کہ لوگوں کو ان معاملات کی اہمیت کا اندازہ ہو اور وہ یہ سمجھیں کہ بات ذاتی مفادات کی نہیں ہے بلکہ رسالت و شریعت کی ہے۔ لوگ اسے اسی انداز میں پرکھیں اور آفاق کی وسعتوں میں رفعت حاصل کریں۔ چنانچہ نہج البلاغہ میں آپؑ فرماتے ہیں:

• بارِ الٰہا! تو آگاہ ہے کہ جو کچھ ہم نے کیا وہ اس لیے نہ تھا کہ ہم سلطنت و خلافت کی طرف میل و رغبت رکھتے تھے، نہ اس لیے تھا کہ متاعِ دنیا سے ہم کچھ حاصل کرتے بلکہ صرف اس لیے تھا کہ جب فتنہ و فساد اور ظلم و ستم ظاہر ہوا اور حلال و حرام میں تغیر شروع ہوا تو تیرے دین کے آثار میں (جو تغیر ہو گیا تھا ہم نے چاہا کہ) اسے واپس لائیں، اور تیرے شہروں میں اصلاح و آسائش

Presented by www.ziaraat.com



کو برقرار کر دیں تاکہ تیرے ستم کشیدہ بندے امن و آسودگی حاصل کر لیں اور تیرے احکام جو ضائع کیے جا رہے تھے پھر جاری ہو جائیں۔ بار خدایا! میں وہ سب سے پہلا شخص ہوں جس نے حق کی طرف رجوع کیا، حق کی دعوت سنی اور حق کی صدا پر لبیک کہا اور رسول اللہؐ کے علاوہ کسی نے مجھ سے پہلے نماز نہیں پڑھی۔"

(نہج البلاغہ خطبہ ۱۳۱)

۹/ اور اسی پر اکتفا نہیں کی بلکہ مسئلہ تحکیم میں خوارج سے اپنے اختلاف کے بارے میں بھی تمام تفصیلات پیش کر کے ان کے ساتھ بحث پر بھی آمادہ تھے تاکہ اپنے موقف کے بارے میں حجت و دلیل کو نمایاں کر سکیں جیسا کہ طلحہ، زبیر اور معاویہ کے ساتھ آپؑ کے طرز عمل میں بھی یہ بات صاف نظر آتی ہے۔ اور آپؑ نے ان لوگوں سے جو جنگ کی وہ فکری بنیاد پر نہیں بلکہ اسلامی معاشرے میں نظم و ضبط قائم کرنے کے لیے اور لوگوں کو ان کے شر سے محفوظ رکھنے کے لیے تھی تاکہ اسلامی دنیا اندرونی خلفشار اور ابتری سے بچی رہے۔ یہی وجہ ہے کہ جب آپؑ نے اپنی زندگی کے آخری ایام میں خوارج کے بارے میں خطاب فرمایا تو ان کو قتل کرنے سے منع کیا، کیونکہ نہروان میں آپؑ نے ان لوگوں سے اس وجہ سے جنگ نہیں کی تھی کہ وہ آپؑ سے اختلاف رکھتے تھے۔ بلکہ اصل وجہ یہ تھی کہ وہ لوگوں کی جان و مال اور عزت و ناموس کو تاراج کر رہے تھے۔ چنانچہ آپؑ نے جنگ نہروان کے بعد ارشاد فرمایا کہ:

"میرے بعد خوارج سے جنگ نہ کرنا کیونکہ جو شخص حق کا طلبگار ہو اور خطا کر بیٹھے وہ اس شخص کے مانند نہیں جو باطل کا طلبگار ہو اور اس کے لیے کوشاں ہے۔" (۱۹)

(نہج البلاغہ خطبہ نمبر ۵۹)

Presented by www.ziaraat.com



امیر المومنینؑ مسئلہ کو اس بنیاد پر حل کرتے ہیں کہ جو لوگ حق کے طلبگار ہو کر خطا کے مرتکب ہو جائیں ان سے اس وقت تک بحث و گفتگو کرتے رہنا چاہیئے جب تک ان میں ذاتی طور سے حقیقت حال تک پہنچنے کی آرزو برقرار رہے۔ کیونکہ اس صورت میں دونوں کی مشترکہ کوشش صحیح رائے تک پہنچنے کی ہوگی۔ لیکن جو لوگ باطل کے طلبگار ہیں اور اسی راہ پہ چل رہے ہیں وہ چونکہ تعصب میں ڈوبے ہیں بلکہ عداوت و عناد کے ساتھ حق کے مقابلہ میں اپنی پوری طاقت استعمال کر رہے ہیں ایسے لوگ کبھی بھی صحیح بحث و مباحثہ کے لیے آمادہ نہیں ہوں گے، بلکہ ہمیشہ دھوکہ دہی سے کام لیں گے تاکہ ان کو اپنے مذموم مقاصد کی تکمیل کے مواقع مل سکیں۔ یہ لوگ جو کچھ کہتے یا دعویٰ کرتے ہیں اس میں حق و باطل کی جستجو قطعاً ملحوظ نہیں ہوتی ہے۔

حضرت امیر المومنین علیہ السلام نے معروضی حالات میں اسلامی وحدت کے لیے جو اسلوب مقرر فرمایا ہے اس کے بعض نشانات کی طرف اوپر کی سطروں میں اشارہ کیا گیا۔ آپؑ کی کوشش یہ تھی کہ مسلمانوں کو جو داخلی اور خارجی سطح پر سخت قسم کے چیلنج کا سامنا ہے اس کے پیش نظر پوری اہمیت مثبت روش کو حاصل رہے، میدان عمل میں موجود ہر گروہ کی موافقت حاصل کی جائے۔ عہد و پیشکشیں کی جائیں، محاذ آرائی ترک کی جائے، نرم روش اپنائی جائے بڑے مفاد کی خاطر چھوٹی مصلحتوں کو قربان کیا جائے۔ خاص فکری اور سیاسی پہلوؤں کی حفاظت کی جائے اور باہمی اختلافات پر بحث و مباحثہ کی راہ ہموار کی جائے لیکن ایسے اسلوب سے کہ جو عمومی مفاد کے استحکام اور جاری معاملات کو ٹھیس نہ پہنچائے بلکہ مسلمان اس راہ پہ چل سکیں جس میں اہم ترین مفاد کی سلامتی کے لیے موقف کی یگانگت نظر آئے اور فکری معاملات کے گوناگوں پہلو برقرار رہیں جن سے لوگوں کی آراء مختلف ہوتی ہیں اور یہی باہمی بحث و مباحثہ کا موضوع ہیں۔

حضرت امیر المومنینؑ کی زندگی میں اس عملی اسلوب کی ظاہری قدر و قیمت

Presented by www.ziaraat.com



یہ نظر آتی ہے کہ خلافت کے مسئلہ میں مختلف نقطۂ نظر کے باوجود دنیائے اسلام کے اندر آپؑ کو مرکزی حیثیت حاصل رہی۔ آپؑ ایک موثر شخصیت کے مالک تھے، آپؑ کی شخصیت دوسروں سے متاثر نہ تھی۔ لوگوں نے آپؑ کے حق کی ادائیگی سے اختلاف کیا، خود کو منصب کا حقدار سمجھا لیکن آپؑ کی عظمت ہر ایک نے تسلیم کی۔ آپؑ نے اپنے دور میں جو اسلوب اپنایا وہ مسئلہ کی انتہائی گہرائیوں سے وابستہ تھا۔ دوسروں کی طرف سے اپنے معاملات میں اختیار کیے جانے والے موقف کی مانند نہیں تھا کیونکہ دوسرے لوگ عام طور سے شخصی مفاد ملحوظ رکھتے ہیں آپؑ نے اسلام اور مسلمانوں کا حقیقی مفاد پیش نظر رکھا۔ اور یہی وہ بات ہے جو ان تمام مسلمانوں کو جو آپؑ کے موقف سے وابستہ اور آپؑ کے حق پر ایمان رکھتے ہیں یہ تاکید کرتی ہے کہ وہ دین اسلام کے مفاد کی خاطر، وحدت اسلامی کے مسئلہ میں اعلیٰ و ارفع فکری شعور اور ذہنی بیداری سے کام لیں اور اپنے موقف کی بنیاد اسی طرز فکر کو قرار دیں اور اپنے تمام اقدامات و تجربات میں سب کے ساتھ چلتے ہوئے پوری قوت کے ساتھ ان کا نعرہ یہ ہونا چاہیئے کہ:

"میں اس وقت تک ناگوار حالات کو برداشت کروں گا جب تک
مسلمانوں کے معاملات محفوظ ہیں۔"

اسی نعرہ کو اپنی زندگی کا نصب العین بنائیں اور صراط مستقیم سے انحراف کو اپنی زندگی سے خارج کردیں۔

✻ ✻

اسلامی وحدت کے سلسلہ میں اہلبیت طاہرینؑ کے موقف کو درست طریقہ سے سمجھنے کے لیے ہم امام چہارم حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کے اس طرز عمل پر غور کریں جو انھوں نے اسلام کے عظیم مفادات کی خاطر عملی اور روحانی طور سے اپنایا جو ان کی تعلیمات سے دور نظر آتا ہے جو ان بدترین حالات کے رد عمل کے طور پر پیدا ہو سکتے تھے جن سے آپؑ کو بنی امیہ کے عہد میں گزرنا پڑا۔ کربلا کا وہ خونی معرکہ پیش آیا جس میں آپؑ کے پدر بزرگوار، بھائیوں

Presented by www.ziaraat.com


قرابتداروں، اہلِ خاندان اور اعوان وانصار کو ایسے المناک مصائب کا سامنا کرنا پڑا جو انسان کے احساسات وجذبات کو رنج وغم سے بھر دینے کے لیے بہت کافی ہیں۔ پھر اہلبیت عصمت طہارت کی اسیری، ان کا قیدیوں کی حیثیت سے شام لے جایا جانا۔ آپ کا پابند سلاسل کیا جانا۔ ایسے اندوہناک واقعات ہیں کہ فطری طور پر ان کا آپ پر اثر تھا جس کی وجہ سے آپ واقعہ کربلا کے بعد چونتیس برس تک گریہ وبکا کرتے رہے۔ اور یہ بالکل فطری بات ہوتی اگر آپ کے دل میں بنی امیہ کے ہر فرد اور ان کے ہر عمل سے شدید نفرت پیدا ہو جاتی اور ہر وہ کام جس میں وہ حصہ لیتے، یا جنگ وصلح میں جہاں وہ آگے بڑھتے ان کی ہر رفتار وگفتار سے امام کو شدید نفرت ہوتی۔ اور یہ بالکل ظاہری بات ہے کہ انسان کو جس سے اذیتیں پہنچی ہوں اس کے ہر عمل سے نفرت محسوس ہوتی ہے اور بکثرت انسانوں کی زندگی میں یہی صورت حال نظر آتی ہے کہ وہ اپنے دشمن کے ہر عمل کو منفی پہلو سے دیکھتے ہیں۔

اسی طرح اگر امامؑ بھی عام لوگوں کی طرح ہوتے تو بنی امیہ کافروں کے مقابلے پر کسی معرکہ کارزار میں اترتے یا مشرکوں سے جنگ میں ان کو کامیابی ہوتی تو امامؑ کے دل میں نفرت کے احساسات پیدا ہوتے، منفی ردعمل ظاہر ہوتا کیونکہ ان کا آگے بڑھنا بھی اسلام کی پیش رفت نہیں تھی۔ بلکہ منحرف گروہ کی کامیابی تھی اور بنی امیہ کی پیش قدمی تھی ایسے موقع پر تو اہلبیتؑ کے چاہنے والوں کی یہ تمنا ہو سکتی تھی کہ بنی امیہ کے پرچم تلے جو مسلمان جنگ کرنے جا رہے ہیں انھیں ہزیمت اٹھانی پڑے تاکہ بنی امیہ کی رسوائی ہو کیونکہ ان کی ذلت سے ان اہل ایمان کو سربلندی حاصل ہوگی جو ان کا ساتھ نہیں دے رہے ہیں بلکہ حق کے راستے پہ گامزن اور صراط مستقیم پر ثابت قدم ہیں۔

لیکن حضرت امام زین العابدینؑ نے اس انداز سے کبھی نہیں سوچا۔ بلکہ اس بات کو پیش نظر رکھا کہ اگرچہ بنی امیہ کو مسلمانوں پر حکومت کرنے کا کوئی شرعی اور اخلاقی جواز حاصل نہیں ہے لیکن اس وقت اسلامی کشتی کی پتوار بہر حال ان ہی کے ہاتھ میں ہے اور

Presented by www.ziaraat.com



یہ لوگ جو کفار و مشرکین سے جنگ کرنے جا رہے ہیں ان کے حاکم بنی امیہ جیسے ظالم و جابر ضرور ہیں لیکن مد مقابل کفار و مشرکین ہیں جن کے پیش نظر تمام مسلمانوں کو تباہ و برباد کرنا ہے۔ چاہے ان کی حکومت قانونی ہو یا غیر قانونی۔ اگر اس غیر قانونی حکومت کی بجائے اسلام کی شرعی طور قانونی حکومت قائم ہوتی تب بھی ان کفار و مشرکین کا اصل ہدف مسلمانوں کی تباہی ہی ہوتا۔ چنانچہ امام عالی مقامؑ کفار و مسلمین کی اس جنگ کے بارے میں یہی نقطہ نظر رکھتے تھے کہ مسلمانوں کو فتح ہو تو پورے عالم اسلام کی بہتری ہے اور اگر مسلمانوں کو شکست ہو تو پورے عالم اسلام کا نقصان ہے۔ یہی وجہ ہے کہ امام عالی مقامؑ اس جنگ اور اس کے نتائج کے بارے میں بہت زیادہ فکر مند رہا کرتے تھے۔ اور آپ کی توجہ اس بات پر مرکوز رہتی کہ سرحدی علاقوں کے پاسبان آگے بڑھ رہے ہوں، اسلامی مملکت کی حدود کو کفار و مشرکین سے بچا رہے ہوں جس کے نتیجہ میں مسلمان اپنے شہروں میں محفوظ رہیں۔ اور اگر کبھی دشمن کی جارحیت کی صورت ہو تو وہ بھی سخت اور جانگسل فوجی ذمہ داریوں کو انجام دے سکیں۔ یا اگر کبھی حفاظتی نقطہ نظر سے عسکری خدمات کی انجام دہی ضروری ہو یا بعض دشوار گزار علاقوں میں پیش قدمی کی ضرورت ہو، یا اسلامی تحریک یا اسلامی شرکت کے نئے مراحل کے لیے نئے مواقع پیدا کرنے کی ضرورت ہو تو وہ اسے احسن طریقہ سے انجام دے سکیں ۲۸

امام علیہ السلام چاہتے تھے کہ تمام مسلمان اس طرح زندگی گزاریں کہ انھیں ایک دوسرے کی فکر ہو اور احساس و شعور کی ایک ایسی لہر تمام مسلمانوں میں پیدا ہو کہ اشتراک عمل سے کسی قدر اتحاد اسلامی کی فضا پیدا ہو اور کفار و مشرکین جو طاقت کے نشہ میں جنگ پر تلے رہتے ہیں یا ان کی للکار کے رد عمل کے طور پر اگر مسلمانوں کی طرف سے کفار کو چیلنج کیا جائے یا امن و امان اور سیاسی ضروریات کے تحت مسلمانوں کی جنبش ضروری ہو تو اس کے لیے اشتراک عمل نظر آئے۔

دعا بھی مسلمانوں کے لیے روحانی وجدان کو لبریز کرنے کا ایک عظیم وسیلہ ہے۔

Presented by www.ziaraat.com



جو اُن تمام معاملات میں بھی نہایت مفید ثابت ہوتا ہے جو جنگ کے تمام مراحل میں الگ الگ پیش آتے ہیں اس دعا کے اندر انسان تمام چھوٹی بڑی تفصیلات کو شامل کرکے بارگاہِ معبود میں پیش کر دیتا ہے۔ تاکہ وہ پوری فضا جو اس کا احاطہ کیئے ہوئے ہے اور وہ پوری اندرونی کیفیت جو اضطراب کی حالت میں ہے اسے سکون مل جائے۔ اور تمام معاملات اور پوری فضا کے اندر گویا وہ خود بھی شامل ہو جائے۔

جیسے ایک انسان جو رزم آرائی کے موقع پر خود میدان جنگ میں موجود ہو جس میں تمام ذاتی تحفظات مٹ جائیں اور انفرادی احساسات ختم ہو جائیں اور حالت جنگ کی عمومی اسلامی فضا کے اندر ہر قسم کے خیالات ایک مرکز پر جمع ہو جانے کی وجہ سے موقف کی یکسانیت پیدا ہو جائے اور اس کے نتیجہ میں سب کے احساسات ایک جیسے ہو جائیں۔ ایسی صورت میں اسلامی وحدت کی ایک ایسی فضا پیدا ہو جائے گی جو تمام مسلمانوں پر سایہ فگن ہوگی وہ حالات کی سنگینی کو سمجھتے ہوئے ان تمام اساسی اور غیر اساسی اختلافات کو بھلا دیں گے جو گوناگوں طریقے سے ان کے افکار پر مسلط رہے ہوں۔

سبق: امام عالی مقامؑ کے اس اسلوب سے ہم یہ درس بھی حاصل کر سکتے ہیں کہ:

حقائق کا سامنا کرنے کے لیے ایک ہو کر جد وجہد کرنے میں شعوری پہلو کو تقویت پہنچانے سے "وحدت" کا مسئلہ زیادہ سہل ہو جاتا ہے اور اس فکری پہلو کی بہ نسبت اس میں بہت کم پیچیدگی ہے جس میں لوگ زیادہ الجھنوں کا شکار ہو جاتے ہیں کیونکہ ہر ایک کے نزدیک بکثرت تحفظات اور متعدد اعتراضات ہوتے ہیں۔ جبکہ وہ مشترکہ روش جو تمام بنی نوع انسان کی زندگی سے وابستہ ہے، ان تمام پہلوؤں کے لحاظ سے جو ان کی زندگی پر اثر انداز ہے، اور ان تمام مواقع کے لحاظ سے جن کے درمیان ان کا وجود ابھرتا رہتا ہے اور جس سے ان کی عزت و کرامت وابستہ ہوتی ہے، ایک ایسی ہمہ گیر کیفیت پیدا کر دیتی ہے جو تمام پیچیدگیوں کو شکست دے کر تمام متضاد حالات کو ختم کر دیتی ہے۔ کیونکہ اس صورت میں

Presented by www.ziaraat.com



یہ کیفیت اس اختلافی مسئلہ کو بھی سیاسی اور امن و امان کے ہمہ گیر دائرے میں شامل کر دیتی ہے جسے سب محسوس کرتے ہیں۔ تاکہ سب مل کر یہ سوچ سکیں کہ دشمن کا حملہ سب کے وجود کو ختم کر دے گا۔ اور اگر دشمن ان پر مسلط ہو گیا تو نہ وہ خود باقی رہیں گے نہ ان کے اختلافی مسائل کی گنجائش رہے گی۔

اسلامی وحدت کے علمبرداروں کو حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کی اس دعا کا جو آپ نے اہل سرحد کے لیے فرمائی اور اس کے اندر چھپے ہوئے سیاسی مضمون کا بہت باریک بینی سے ہمہ گیر مطالعہ کرنا چاہیے تاکہ جنگ کے موقع پر جب بھی پوری قوم کے عسکری، سیاسی، روحانی، فکری اور اقتصادی معاملات کی منصوبہ بندی کی جائے تو امام عالی مقام کی اس دعا سے صحیح معنوں میں اسلامی اور فکری رہنمائی حاصل کی جا سکے اور خطرناک حالات کا مقابلہ کرنے کے لیے اسلامی وحدت وجود میں آ سکے۔ اور کفار و مشرکین کو مختلف اسباب و وسائل استعمال کر کے کمزور کیا جا سکے تاکہ وہ اپنی توانائیاں مسلمانوں کے خلاف استعمال نہ کر سکیں۔

اور اس دعا سے ہم نفسیاتی تربیت کا طریقہ بھی سیکھ سکتے ہیں۔ کیونکہ ان دعاؤں میں شعوری پیغام رسانی کی نمود ہے جو ایک مرد مسلمان کے ضمیر میں مسلسل جنبش پیدا کرتی ہے۔ یہ پیغام رسانی فکر و احساس کی تاروں کو چھیڑتی ہے، نفس کی انتہائی گہرائی تک اثر انداز ہوتی ہے اور اس کے روحانی مضامین کے ذریعہ انسان ایک مقدس اور پاک و پاکیزہ وادی میں قدم رکھتے ہوئے خدا سے مناجات کرتا ہے۔ کیونکہ یہ دعا ایسے بلند افکار پر مشتمل ہے جن کی فطری پاکیزگی سے متاثر ہو کر انسان اپنی انسانی ذمہ داریوں کا احساس کرنے لگتا ہے۔ پھر یہ اندرونی تاثیر عملی اقدام کی طرف منتقل ہوتی ہے تاکہ انسان دوسروں کے مسائل سے تعلق پیدا کرے۔ کیونکہ اس دعا کی تاثیر کے نتیجہ میں انسان ان اہداف و مقاصد میں منہمک ہو جاتا ہے جو اس کے اور دوسروں کے درمیان مشترک ہیں۔ اور

Presented by www.ziaraat.com



ان بنیادی امتیازات سے دور ہو جاتا ہے جو فکری، موقع و محل یا موقف کے لحاظ سے ایک کو دوسرے سے جدا کرنے والے ہیں۔

زہری نامی مشہور راوی نے "عصبیت" کے بارے میں حضرت امام زین العابدینؑ کا جو قول نقل کیا ہے وہ بھی وحدت مسلمین کے بارے میں سوچنے والوں کے لیے ایک سرمایۂ فکر ہے جس میں فرماتے ہیں کہ:

"وہ عصبیت جو انسان کو گناہگار بناتی ہے یہ ہے کہ انسان اپنی قوم و ملت کے بُرے لوگوں کو دوسری قوم و ملت کے اچھے لوگوں سے بھی بہتر سمجھنے لگے۔ لیکن صرف اپنی قوم سے محبت کرنا گناہ نہیں ہے اور نہ یہ عصبیت ہے۔ البتہ ظلم کا ساتھ نہیں دینا چاہیے۔"

اس فرمان سے اسلام کی اخلاقی روش کا اندازہ ہوتا ہے کہ ایک مسلمان کے تعلقات ان دوسرے لوگوں سے جو حسب نسب، ملک و وطن، قومیت، دین اور مذہب کے لحاظ سے آپس میں تعلق رکھتے ہیں کیسے ہونے چاہئیں۔ تاکہ جو شخص مذکورہ بالا دائروں میں سے کسی دائرے کے اندر آتا ہو وہ ایک بھرپور انسان کی حیثیت سے ان تمام مسائل میں غور کر سکے جو میدان عمل میں پیش آتے ہیں اور اس کی فکر ایسی متوازن ہو کہ ذاتیات کا اس میں کوئی دخل نہ ہو۔ بلکہ وہ پیش آنے والے معاملہ کو اس کی فطری پوزیشن میں رکھ کر اس کے اپنے دائرے میں سمجھنے اور حل کرنے کی کوشش کرے۔ جس کا ایک واضح نتیجہ یہ ہوگا کہ مثلاً اگر مسلمانوں کے مسائل کو اسلامی دائرہ میں رکھ کر سوچا جائے تو سنیوں کو شیعوں کی ضد میں تعصب سے کام لے کر ان پر ظلم و ستم کرنا چاہیے اور نہ شیعوں کو سنیوں کی ضد میں تنگ نظری سے کام لے کر ان کے ساتھ ناانصافی کرنی چاہیے۔ بلکہ پیش آنے والے مسئلے کو اس کی اپنی خصوصیات اور اپنے دائرے میں رکھ کر سلجھانے کی کوشش کرنی چاہیے۔ قطع نظر اس بات کے کہ جس کو یہ مسئلہ پیش آیا ہے وہ ذاتی طور سے کس مذہب سے منسوب ہے۔ مثلاً

Presented by www.ziaraat.com



کیونکہ یہی عدل کا تقاضہ ہے تصوراتی اور عملی اعتبار سے بھی اور فیصلہ کے موقع پر بھی۔ اور یہ بات عقل و شعور رکھنے والی ذہنیت کی تاکید کرتی ہے اور اس وحدت کی روح کا پیغام سناتی ہے جو چیزوں میں غور و فکر کرتے وقت اس کی بنیادی بنیادوں پر مرکوز ہو تاکہ انسان حق کے راستہ پر عقل کے ساتھ چلے نہ یہ کہ تعصب کے راستے پر جذبات کے دباؤ کے تحت چل پڑے۔

23 حضرت امام زین العابدینؑ کے ایک مشہور جملے جو ان کے بعض اصحاب نے نقل کیا ہے کہ:

"اسلام کی محبت میں ہم سے محبت کرو۔" (لوگو ہماری محبت میں اسلام سے محبت کرو)

ہم یہ استفادہ بھی کر سکتے ہیں کہ اہلبیت طاہرینؑ کا اسلوب حیات یہ ہے کہ ہر وہ شخص جو اہلبیت طاہرینؑ سے روحانی محبت رکھتا ہے وہ ان کی محبت میں اس طرح ڈوب جائے کہ اسلامی صفات کا مظہر بن جائے نہ یہ کہ اپنی انفرادی صفات کو ابھار کر تا رہے۔

امامؑ کا یہ فرمان ہمارے باہمی تعلقات و طریق حیات کی بنیاد اسلام کو قرار دیتا ہے کہ انسان اسلام کی حقیقی اقدار کے آگے سرنگوں رہے۔ بحث و مباحثہ اور جذباتی مراحل میں بھی اسی کشادگی کو برقرار رکھے۔

❁ ❁

24 حضرت امام جعفر صادقؑ کا طریقہ کار یہ تھا کہ اپنے شیعوں کو دعوت دیتے تھے کہ وہ دوسرے مسلمانوں، اہل سنت حضرات سے میل جول رکھیں۔ اسلامی اجتماعات میں مشترکہ بنیادوں پر دل کھول کر حصہ لیں۔ چنانچہ عبداللہ بن سنان کی روایت ہے کہ آپؑ نے ارشاد فرمایا ہے:

"میں تم لوگوں کو خداوند عالم سے ڈرنے کی وصیت کرتا ہوں"

لوگوں کو اپنی گردنوں پر مسلط نہ کرو ورنہ رسوا ہو جاؤ گے۔

خداوند عالم نے قرآن مجید میں حکم دیا ہے کہ: "لوگوں سے اچھی بات کہو"

پھر فرمایا:

"ان کے بیماروں کی مزاج پرسی کرو۔ انتقال کر جائیں تو ان کے جنازہ میں شرکت کرو، ان کے معاملات میں گواہی دو، ان کے ساتھ ان کی مساجد میں نماز پڑھا کرو۔" 249

24 اور اسحاق بن عمار کا بیان ہے کہ مجھ سے امام جعفر صادقؑ نے فرمایا:

"اے اسحاق! کیا تم ان لوگوں (اہلسنت) کے ساتھ ان کی مسجدوں میں نماز پڑھتے ہو؟"

میں نے عرض کیا: "جی ہاں۔"

تو فرمایا کہ:

"پڑھتے رہنا، ان کے ساتھ صف اول میں نماز پڑھنا خدا کی راہ میں تلوار کھینچنے جیسا ہے۔"

25 اسی طرح اور بھی متعدد حدیثیں ان سے اور ان کے پدر بزرگوار سے منقول ہیں جن سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ محض تقیہ کا مسئلہ نہیں تھا جس میں جان کے خوف سے ان لوگوں کا ساتھ دینے کا حکم دیا گیا ہو۔ بلکہ امامؑ یہ چاہتے تھے کہ لوگوں کے باہمی تعلقات میں ایک اسلامی کشادہ دلی پیدا ہو۔ وہ گروہی تعلقات سے بلند ہو کر سوچیں، وہ اسلام کی ہمہ گیر اخلاقی روش میں ڈھل جائیں جو ایک مرد مسلمان کو خوش اخلاقی کا نمونہ بناتی ہے اور یہی اس حدیث کا بھی مضمون ہے جس کو ابو علی نے بیان کیا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ:

"میں نے امام جعفر صادقؑ سے عرض کیا کہ ہمارے یہاں مخالفین کا ایک امام ہے جو تمام شیعوں سے عداوت رکھتا ہے۔ کیا میں اس کی مسجد میں بھی جا سکتا ہوں؟"

فرمایا کہ:

Presented by www.ziaraat.com



"بے شک، اگر تمہاری یہ بات سچی ہے تب بھی تم ہی کو اس بات کا زیادہ حق ہے کہ مسجد میں سب سے پہلے جاؤ اور سب کے آخر میں نکلو، تمام لوگوں کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آؤ اور اچھی بات کہو۔"

حضرت امام جعفر صادق شیعوں کی ایسی تحریک کا قصد و ارادہ نہیں رکھتے تھے کہ ان کی مخصوص مسجدیں اور سنیوں کی مخصوص مسجدیں اس طرح الگ الگ ہوں کہ دونوں فرقے کے لوگ کسی ایک مسجد میں مشترکہ طور سے نماز پڑھ ہی نہ سکیں۔ کیونکہ اس سے اسلام کو ظاہری طور سے بھی نقصان پہنچے گا اور عالم اسلام کے وجدان میں جو اس کی پسندیدہ روش ہے وہ بھی متاثر ہو گی۔ خاص طور سے جمعہ اور جماعت کی نماز، جو ایک عمومی مظہر ہے جس سے خدا کی بارگاہ میں یکرنگی کا بہت مضبوط تاثر نمایاں ہوتا ہے۔ اس لیے شیعوں کے لیے یہ بات پسند کی کہ جب امت اسلامیہ کے بلند ترین مقاصد کی خاطر وقتی مصلحت کا تقاضہ ہو تو امام جماعت کی شرائط میں جو خصوصی تحفظات ہیں ان کو نظر انداز کر دیا جائے۔

❋

البتہ کچھ ایسی احادیث بھی موجود ہیں جو اس نقطۂ نظر کے خلاف ہیں، جن میں شاید مخصوص حالات کے اندر شیعوں کی کچھ منفرد مذہبی خصوصیات کی حفاظت اور فکر و نظر میں توازن پیدا کرنے کے لیے تاکید کی گئی ہے کہ ولایت مطلقہ کے سلسلہ میں اپنے مقررہ راستہ پر پوری سختی سے جمے رہیں۔ لہٰذا ہمارا فرض ہے کہ دونوں قسم کی احادیث کو سامنے رکھ کر موقع و محل کی مناسبت سے اپنے دینی فریضہ کو سمجھیں اور اس پر عمل کریں۔

❋

اوپر بیان کی جانے والی حدیث میں کہا گیا ہے کہ: "لوگوں سے خوش اخلاقی سے پیش آؤ اور اچھی بات کہو" اسی کے ساتھ امام نے قرآن مجید کی آیت: "لوگوں سے شائستہ بات کرو" سے استدلال فرمایا۔ اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ امام اپنے شیعوں

Presented by www.ziaraat.com



کو تاکید کرنا چاہتے ہیں کہ وہ گفتگو میں ایسی روش نہ اختیار کریں جس سے دوسرے مسلمانوں کے احساسات ان لوگوں کے بارے میں مجروح ہوں جن کے بارے میں لوگ مختلف تصورات رکھتے ہیں جیسا کہ بعض لوگوں کی عادت ہے کہ وہ لعن طعن اور سب و دشنام کے ایسے طریقے اختیار کرنے لگتے ہیں جن سے دوسروں کے جذبات بھڑک اٹھیں اور وہ بھی ردعمل کے طور پر ضد اور ہٹ دھرمی پر اتر آئیں۔ یہ بات قرآن کی ان ہدایات کے بالکل خلاف ہے جن میں اچھی بات کہنے اور شائستہ طریقے سے مخالف کی بات رد کرنے اور خوش اسلوبی کے ساتھ بحث و مباحثہ کی تاکید کی گئی ہے۔ اور قرآن کی یہ ہدایت ان تمام باتوں کے بارے میں ہے جن میں بنی نوع انسان کے درمیان اختلاف ہو، چاہے وہ کسی چیز پر ایمان رکھتے ہوں یا اس کا احترام کرتے ہوں یا اس کی عظمت کے قائل ہوں اور دوسرے لوگ ان سے مختلف نظریہ رکھتے ہوں۔

کیونکہ شائستہ طریق کار ہی وہ روش ہے جو مسلمانوں کے باہمی تعلقات کو استوار رکھ سکتی ہے۔ حق بات سننے اور قبول کرنے کے لیے ان کے دل میں گنجائش پیدا کر سکتی ہے، اور انھیں اتحاد و اتفاق کی راہ پر گامزن کر سکتی ہے۔

روایت میں ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے اپنے اصحاب سے فرمایا تھا کہ:

"لوگوں کو راضی رکھنے کا کتنا آسان طریقہ ہے کہ اپنی زبان کو قابو میں رکھو۔"

امام یہ حکم نہیں دے رہے ہیں کہ: "افکار و نظریات میں لوگوں سے ہم آہنگ ہو جاؤ۔" کہ آپ کہنے لگیں کہ:

"ہم اپنے نظریات سے دستبردار نہیں ہو سکتے۔"

بلکہ یہ حکم دیا جا رہا ہے کہ آپ فریق مخالف کے روبرو، دوران گفتگو ایسے سخت الفاظ استعمال نہ کریں جس سے اس کے جذبات مجروح ہوں۔ جیسے لعن اور دشنام

Presented by www.ziaraat.com



وغیرہ کے الفاظ۔

بالفاظ دیگر آپ کے لیے پسندیدہ روش یہ ہے کہ:

دوسرے لوگ جن چیزوں کا احترام کرتے ہوں اور جن شخصیتوں کی عظمت کے قائل ہوں ان کے بارے میں آپ نامناسب کلمات نہ کہیں۔ اور جہاں تک فکری مباحث یا فقہی اختلافات کا تعلق ہے قرآن میں حکمت اور موعظہ حسنہ کے ساتھ بحث و مباحثہ اور تنقید و مناظرہ کی بھی گنجائش موجود ہے اور عمدہ طریقے سے مکالمہ کی بھی۔

لیکن ظاہر ہے کہ نظریات کے بارے میں مناظرہ و مکالمہ اور چیز ہے اور الفاظ کے ذریعے دوسروں کا دل زخمی کرنا اور بات ہے۔ بعض لوگ ان دونوں باتوں کو ایک دوسرے کے ساتھ گڈمڈ کر کے یہ سوچنے لگتے ہیں کہ اپنے عقائد و نظریات کے ساتھ اخلاص یہ ہے کہ دوسروں کے عقائد پر جارحانہ انداز سے حملہ آور ہو کر ان کی دھجیاں بکھیری جائیں۔ کیونکہ ان کی رائے میں اس سے یہ احساس ہوگا کہ ہم ان کے موقف کا بھرپور انکار کرتے ہیں اور اپنے اس موقف پر سختی سے قائم ہیں کہ ہم مخالفین کے طرز فکر کے ماضی میں بھی منکر تھے اور اب بھی شدت سے انکار کرتے ہیں اور اپنے قائم کردہ نظریات کی قربانی دینے کے لیے کسی قیمت پر تیار نہیں ہیں۔ اس طرح دوسرے اسلوب اور دوسرے نظریہ کی مخالفت میں شور و غوغا کے لیے ایک نفسانی فضا پیدا ہونے لگتی ہے۔ جس میں فریق مخالف کے لیے برداشت کا عنصر ختم ہو جاتا ہے۔

لیکن یہ صحیح نہیں ہے۔ کیونکہ مقصد یہ نہیں ہے کہ کس طرح احساسات کو ابھارا جائے یا غیظ و غضب کے چشمے پھوٹ پڑیں۔ بلکہ مقصد تو یہ ہے کہ فکر میں گہرائی ہو، دلیل میں قوت ہو، موقف میں استحکام ہو اور راہ حق میں کوشش ہو۔ اور جو راہیں اس خوش آئند منزل تک پہنچاتی ہیں، وہ عقل کی رسائی، قلب کی کشادگی اور کلام کی پاکیزگی ہے۔ تاکہ انسان مشترکہ باتوں میں تحقیق کر کے خیر و فلاح، فکر و نظر، لطف و محبت اور سیدھا عقیدہ کے آسان راستوں سے دوسروں کے دل کی گہرائیوں تک پہنچ سکے۔ کیونکہ ہر انسان اس صورت

Presented by www.ziaraat.com



میں اپنی انسانیت سے زیادہ قریب ہوتا ہے جب اُسے ایسی روحانی فضا نصیب ہو کہ اس کے عقل و خرد کا احترام کیا جائے، اس کے شعور و احساس کا لحاظ رکھا جائے اور اس کے دل کی گہرائیوں تک پہنچنے کے لیے بہت نرم روش کے ساتھ اس کے قلب کے تاروں کو چھیڑا جائے جس میں سختی و سنگدلی کے بجائے لطف و مدارات کی ترجمانی ہوتی ہو۔

29 ہم جب ائمہ طاہرین علیہم السلام کی عملی روش کا گہرا مطالعہ کرتے ہیں تو ہمیں نظر آتا ہے کہ وہ حضرات تمام مسلمانوں کے ساتھ ان کے جملہ ثقافتی و اجتماعی معاملات میں نہایت کشادہ دلی کے ساتھ پیش آتے تھے۔ آپ کے شاگردوں میں دوسرے فرقوں کے لوگ بھی اتنے زیادہ تھے کہ عقائد و فقہ کے لحاظ سے مختلف مذاہب کی نمائندگی نظر آتی ہے اور آپ حضرات کی بزم میں مختلف افکار و خیالات کے اشخاص یکجا نظر آتے تھے، نہ کوئی پیچیدگی نظر آتی تھی نہ کسی کو امامؑ کی گفتگو سنتے وقت یا اپنا موقف پیش کرتے وقت، یا فضا کے متاثر ہونے یا نظریہ یا اسلوب کے مختلف ہونے سے کوئی دشواری محسوس ہوتی تھی۔ جس کی وجہ سے ہمارے ائمہ علیہم السلام سوسائٹی میں عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھے جاتے تھے۔ حتیٰ کہ وہ لوگ بھی جو علم کلام کی اصطلاح میں ان کو امام نہیں مانتے تھے بلکہ مخالف عقیدہ رکھتے تھے، وہ بھی ان کی بہت زیادہ تعظیم کرتے تھے۔

ہمارے ائمہ کو یقین تھا کہ گھٹی ہوئی روح، تنگ سینہ، ناشائستہ جملہ بیانی کے طریقے، تند نگاہ، اور مخالفانہ فضا پیدا کرنے سے کوئی ایسا مثبت نتیجہ نہیں نکل سکتا جو اس نظریہ سے جس پر ہم ایمان رکھتے ہیں یا اس عقیدہ سے جسے ہم اپنائے ہوئے ہیں ہم آہنگ ہو۔ اور وہ حضرات اپنے اصحاب کو تاکید کرتے تھے کہ وہ اپنے آپ کو بھی اسی نگاہ سے دیکھیں جس طرح دوسروں سے پیش آنا چاہتے ہیں۔ تاکہ اخلاقیات کے اس مشہور و معروف قانون پر عمل پیرا ہوسکیں کہ:

Presented by www.ziaraat.com


"عامل الناس کما تحب ان یعاملوک بہ"

"لوگوں کے ساتھ ایسا سلوک کرو جیسا سلوک تم اپنے لیے
پسند کرتے ہو"

کیونکہ فکری بحث و مباحثہ کا مسئلہ تحقیق ہونے کے ساتھ اخلاقی بھی ہے اور
جس طرح جذبات و احساسات کی ترجمانی کے لیے فکر و خرد ضروری ہے اسی طرح فکری مسائل
میں بھی احساسات کو ملحوظ رکھنا ضروری ہے تاکہ توازن برقرار رہے۔ اور آخری بات یہ کہ
ہمیں یقین ہے کہ اسلامی وحدت کا مسئلہ درحقیقت اسلام کی طاقت و توانائی
استحکام و پائیداری، فعال حیثیت، جنبش عمل اور زندگی کے مسائل پر اس کے محیط ہونے کا
مسئلہ ہے۔ اس لیے نہایت ضروری ہے کہ اسے ہم اپنی زندگی میں جاری و ساری رکھیں، اور اپنی
اسلامی روش کے درمیان، موقف کے استحکام اور طریق کار کی شگفتگی کے مابین جو واضح فرق
ہے اسے ملحوظ رکھیں اور وہ نفسانی کیفیت جس میں تصادم تک نوبت پہنچ جاتی ہے اور وہ
ذہنی حالت جو مفاہمت و ہم آہنگی تک لے جاتی ہے، ان دونوں کے درمیان حد فاصل قائم رکھیں۔
اور ہمارے اندر یہ احساس بیدار رہے کہ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اور ان کے اہلبیت طاہرین کے ساتھ خلوص کا لازمی نتیجہ اور بنیادی تقاضہ یہ ہے کہ ہمیں دین اسلام
کے ساتھ پورا خلوص ہو۔ اور ہم یہ بات پوری شدت سے محسوس کریں کہ دوسرے ہر موقف
کے مقابلے میں اسلام کا موقف ہی سلامتی کا موقف ہے اور دوسرے تمام نظریات کے مقابلہ
میں اسلامی نظریہ حیات میں ہی سب سے زیادہ طاقت و شوکت ہے۔ اگر ہم نے اسلامی تعلیمات
کے سلسلہ میں کامیابی حاصل کر لی، اسے معاشرے پر جلوہ فگن کر دیا تو اس کے اسرار و رموز،
اصول و قواعد، روش و اسلوب اور جنبش و حرکت، غرض تمام امور میں کامیابی حاصل
ہو جائے گی۔

30 لیکن اگر خدانخواستہ کفر سے رزم آرائی و معرکہ آرائی میں اسلامی قوتوں کو شکست

Presented by www.ziaraat.com



ہوگئی تو ہم ہر قسم کی بازی ہار جائیں گے۔ کیونکہ وہ تمام اقدار جن کا ہم احترام کرتے ہیں، وہ نظریات جن کے ہم پابند ہیں اور وہ موقف جس کے بارے میں ہم نہایت حساس ہیں ان میں سے کچھ بھی باقی نہیں رہے گا اور وہ میدان جس میں مسلمانوں پر کفار مسلط ہوں اس میں ان باتوں کے باقی رہنے کے امکانات ہی معدوم ہوجائیں گے۔

کسی کافر یا منافق کی زبان سے اگر ہم اہلبیت طاہرین علیہم السلام کی سیرت و کردار کے کسی پہلو کی تعریف سنیں لیکن اس کافر یا منافق کا مقصد یہ ہو کہ ان کی شخصیت کی عظمت کا تو اعلان کرے لیکن ان کے پیغام سے ہمیں دور کرے۔ تو اس مدح و ثنا کی کیا قیمت ہے۔ جبکہ ہمیں یہ بھی احساس ہو کہ کفر کی یہ طاقتیں مسلمانوں کے درمیان اختلافات کو ابھار کر کے دین اسلام ہی کو کمزور کرنا چاہتی ہیں۔

❋

اس لیے ہم اس بات کو نہایت ضروری سمجھتے ہیں کہ اسلام کے تمام مکاتب فکر کے درمیان "وحدت اسلامی" قائم کرنے کے لیے عمل اور فکری منصوبہ بندی کی جائے تاکہ اسلام کی ہمہ گیری کے ساتھ جو اخلاص ہونا چاہیے اس پر کسی خاص مکتب فکر کے ساتھ اخلاص کا جذبہ غالب نہ آنے پائے۔

اور اسی کے ساتھ یہ بھی ملحوظ رکھنا ضروری ہے کہ ہم عقیدہ اشخاص کے ساتھ وابستگی اور اسلامی پیغام حیات کے اسرار و رموز کے ساتھ وابستگی میں فرق ہونا چاہیے۔ ہمیں اپنے ہم عقیدہ لوگوں کے ساتھ اس لحاظ سے اخلاص برتنا چاہیے کہ وہ اس پیغام حیات میں ہمارے ہم سفر ہیں تاکہ ہم جو موقف اختیار کریں وہ اسلامی دائرہ میں ہو۔ تاکہ زندگی کے معاملات اور احساسات و عقل و فکر سب ہم آہنگ ہو کر انسان کا خدا سے، ایک انسان کا دوسرے انسان سے اور ایک انسان کا الٰہی طریقۂ زندگی سے رابطہ قائم ہو۔ وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین۔

والسلام خیر ختام (محمد حسین فضل اللہ)